

امر بالمعروف ونہی عن المنکر | اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ★ ABC CERTIFIED ★
روزنامہ
اطلاعِ عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر:۔ محمد عمر
رجسٹریشن نمبر: C-1932
Email: dailyattelaaamqta@gmail.com / Etlaeaam2010@gmail.com | Tel: 081-2840968, 081-2820055 | Fax: 081-2828245
جلد نمبر: 16 | بروز ہفتہ 17 اکتوبر 2026 04 جمادی الاول 1448ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر: 193

پاکستان سعودی عرب کے ساتھ کھڑا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

بھارت جارحانہ طرزِ عمل اور خطرناک بیان بازی ترک کر کے خطے میں پائیدار امن کے لیے ذمہ دارانہ کردار ادا کرے، بھارتی وزیر دفاع کے بیان سے بھارت کی نام نہاد بالادستی کی سوچ ظاہر ہوتی ہے، سجاد حیدر خان کی ہفتہ وار نیوز بریفنگ

پاکستان کی امن کی کوششوں کو کمزوری نہ سمجھا جائے، مئی 2025 کا جواب یاد رکھا جائے، پاکستان اپنی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لیے پوری طرح تیار ہے اور کسی بھی جارحیت کا موثر جواب دے گا،

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نے سعودی عرب پر حوثی باغیوں کے حملوں کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ سعودی عرب کے حق دفاع کی مکمل حمایت کرتا ہے، اور بھارت کو بھی خبردار کیا ہے کہ پاکستان کی امن کی کوششوں کو کمزوری نہ سمجھا جائے اور مئی 2025 کا جواب یاد رکھا جائے۔ ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے جمعہ کو ہفتہ وار نیوز بریفنگ کے دوران کہا کہ پاکستان سعودی عرب پر ہونے والے حملوں کی مذمت کرتا ہے اور اس مشکل وقت میں سعودی عرب کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے حوثی باغیوں کے حملے خطے کے استحکام

(بقیہ 2 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان حکومت کی آڈٹ رپورٹ میں 37 ارب سے زائد کی بے ضابطگیوں کا انکشاف

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان حکومت کی مالی سال 2024-25 کے اخراجات کی آڈٹ رپورٹ

(بقیہ 1 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان، بورڈ آف انویسٹمنٹ کے وائس چیئرمین بلاول خان کاکڑ کی موجودگی میں صوبے کے پہلے تجارتی جھینگا فارمنگ منصوبے کے سمجھوتے کی دستاویزات پر دستخط کیے جارہے ہیں

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اقوام متحدہ کا ذیلی ادارہ فوڈ اینڈ ایگریکلچر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

تحریک انصاف مثبت کردار ادا کرے تو مذاکرات پر غور ہو سکتا ہے، رانا ثناء اللہ

اپوزیشن کے اپنے رویوں کی وجہ سے ان کا نقصان ہو رہا ہے، ہمیں خود افسوس ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو نظر بند کرنا پڑا

صوبائی اور مرکزی حکومت کی ایک پالیسی نہ ہوئی تو ملک کے وجود کو خطرہ ہے، بھارت اب پاکستان کے ساتھ روایتی جنگ نہیں لڑ سکتا، گفتگو

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا کہ عمران خان جب وزیراعظم تھے تو انہوں نے اپوزیشن لیڈر کو فون تک نہیں کیا، موجودہ وزیراعظم جب بھی ایوان آتے ہیں، اپوزیشن لیڈر سے ہاتھ ملاتے ہیں، اپوزیشن کے اپنے رویوں کی وجہ سے ان کا نقصان ہو رہا ہے، پی ٹی آئی اگر اب بھی اپنا آئینی وقانونی کردار نبھائے تو سوچا جاسکتا ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہمیں خود افسوس ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو نظر بند کرنا پڑا، سب کو معلوم ہے کہ وہ لانگ مارچ سے متعلق کیا گفتگو کیا کرتی تھیں، عمران خان کی

(بقیہ 3 اندرونی صفحہ 3 پر)

ضلع پشین میں زیرِ زمین پانی کی سطح گرنے پر تشویش، ایمرجنسی اقدامات اور ڈیمز کی تعمیر کی قرارداد پیش

سولر سسٹم نے زیرِ زمین پانی تباہ کر دیا، وفاق ڈیموں کے لیے فنڈز کی فراہمی یقینی بنائے، ایوان میں اپوزیشن اور وزرا کا اظہارِ خیال

کوئٹہ (یواین اے) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں ضلع پشین سمیت صوبے بھر میں زیر زمین پانی کی گرتی ہوئی سطح اور آبی بحران کے حوالے سے ایک اہم قرارداد پیش کی گئی، جس پر اپوزیشن اور سرکاری بینچوں کے ارکان نے شدید تشویش کا اظہار

(بقیہ 4 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، اسلام آباد، وزیراعظم شہباز سریف سے سعودی عرب کے نئے تعینات ہونے والے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم

سعودی عرب پر حوثی حملوں میں اضافے کی شدید مذمت کرتے ہیں

پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات میں حالیہ برسوں میں نمایاں پیشرفت ہوئی ہے، طویل مدتی اقتصادی اور مالی معاونت پر سعودی قیادت کے شکرگزار ہیں

مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید گہرا، وسیع کرنے کیلئے موجودہ ادارہ جاتی مکینزم کو مزید مستحکم کرنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں، سعودی عرب کے نو تعینات سفیر ڈاکٹر راجح تامی الثقمی کی ملاقات

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے سعودی عرب کے ساتھ باہمی دفاعی معاہدہ اور مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد، دونوں ممالک کے دیرینہ برادرانہ تعلقات میں تاریخی سنگ میل کی حیثیت رکھتے ہیں، دونوں معاہدے علاقائی امن و سلامتی کیلئے ہمارے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف سے سعودی عرب کے نو تعینات سفیر ڈاکٹر راجح تامی الثقمی نے جمعہ کو ملاقات کی۔ وزیراعظم نے پاکستان آمد اور نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر ڈاکٹر راجح تامی الثقمی کو مبارکباد دی اور سعودی سفیر کی سفارتی ذمہ داریوں میں کامیابی کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کیلئے پاکستان کی جانب سے مکمل

(بقیہ 5 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان، پنجگور کے نوجوان شہاب نے رضا کارانہ طور پر سرینڈر کر دیا

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے ضلع پنجگور کے نوجوان شہاب نے رضا کارانہ طور پر سرینڈر کر دیا۔ وزیرِ اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات وسیا

(بقیہ 6 اندرونی صفحہ 3 پر)

عمران خان کی رہائی کے لیے تحریک انصاف کو خود مذاکرات کی قیادت کرنا ہوگی، علی محمد خان

محمود خان اچکزئی اگر وزیراعظم کی دعوت پر بیٹھ جاتے تو بانی اور بشریٰ بی بی کو اڈیالہ کی گرمی نہ گزارنی پڑتی، گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور رکن قومی اسمبلی علی محمد خان نے کہا ہے کہ عمران خان کی رہائی کے لیے اب تحریک انصاف کو خود مذاکرات کی قیادت کرنا ہوگی، اگر پارٹی قیادت نے رہائی کے لیے سنجیدہ کوشش نہ کی تو وہ

(بقیہ 7 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے سعودی عرب کے نئے تعینات ہونے والے سفیر ڈاکٹر راجح طمی الثقمی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن ملاقات کر رہے ہیں

گورنر راج اور ایمرجنسی کے خلاف اپوزیشن جماعتوں کا مشترکہ جدوجہد کا اعلان

تمام سیاسی جماعتوں کو اختلافات سے بالاتر ہو کر متحد ہونا چاہیے، خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے خاتمے کا مطالبہ کرنا چاہیے، محمود خان اچکزئی

4 کروڑ لوگوں کی حکومت کو گرا کر خیبر پختونخوا کے ساتھ ظلم کیا گیا، یہ ظلم ہوا، بندوق اور پیسے کے زور پر اقتدار پر قبضہ کیا گیا، مشترکہ پریس کانفرنس

پشاور (اے این این) تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنماؤں نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کو غیر آئینی اور غیر قانونی قرار دیتے ہوئے اسے نہ صرف پشاور ہائی کورٹ میں چیلنج کیا ہے بلکہ اس کے خلاف احتجاج کرنے کا اعلان بھی کیا ہے۔ قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اور پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین محمود خان اچکزئی نے تحریک تحفظ آئین پاکستان میں شامل دیگر پارٹیوں کے رہنماؤں کے ہمراہ پشاور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی نافذ کرنے کا اقدام غیر قانونی اور غیر آئینی

(بقیہ 8 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلدیاتی نظام اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کی قرارداد ایوان میں پیش

صوبے میں جمہوریت کے استحکام کے لیے بلدیاتی اداروں کو مالی وانتظامی خودمختاری دی جائے، مولانا ہدایت

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے جاری اجلاس میں صوبے میں بلدیاتی نظام کو فعال بنانے اور اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی کے حوالے سے اہم قرارداد پیش کر دی گئی۔ قرارداد حق دو تحریک کے قائد اور رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمن نے ایوان میں پیش کی۔ قرارداد کا متن پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صوبے میں جمہوری نظام کی مضبوطی اور گراس روٹ لیول تک جمہوریت کے ثمرات پہنچانے کے لیے ایک بااختیار بلدیاتی نظام

(بقیہ 12 اندرونی صفحہ 3 پر)

دالبندین بازار میں ڈکیتی کی کوشش ناکام، فائرنگ کے تبادلے میں دو مبینہ ڈاکو ہلاک، پولیس اہلکار زخمی

پولیس اور ایف سی کا ڈنو پھاٹک کے قریب ملزمان سے مقابلہ، زخمی کانسٹیبل جان محمد کی حالت مستحکم

دالبندین (یو این اے) دالبندین بازار میں ڈکیتی کی کوشش کو ناکام بناتے ہوئے پولیس اور فرنٹیئر کانسٹیبلری (ایف سی) نے جوابی کارروائی کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں دو مبینہ ڈاکوؤں کو ہلاک کر دیا، جبکہ ملزمان کی فائرنگ سے ایک ٹریفک پولیس اہلکار زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق دوپہر تقریباً 2 بج کر 20 منٹ پر دو نامعلوم مسلح ملزمان دالبندین بازار میں ڈکیتی کی کوشش کر رہے تھے کہ وہاں موجود ٹریفک پولیس

(بقیہ 11 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسماجنگ اور لائبہ ستار کیسز کے ملزمان بااثر ہوں قانون کی گرفت میں لائیں گے، وزیر داخلہ بلوچستان

خواتین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا لائبہ ستار کیس میں نامزد دو ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے جاری ہیں، میر ضیا اللہ لانگو

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان میں خواتین کے تحفظ اور حقوق کے حوالے سے کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اسماجنگ اور لائبہ ستار کیسز میں ملوث ملزمان خواہ کتنے ہی بااثر کیوں نہ ہوں، انہیں جلد قانون کی گرفت میں لایا جائے گا۔ 16 اکتوبر کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ قلات میں لائبہ ستار کیس کے حوالے سے مقدمہ درج کر لیا گیا ہے اور اہل خانہ کی نشاندہی پر چار ملزمان

(بقیہ 9 اندرونی صفحہ 3 پر)

خاران، کمشنر رخشان ڈویژن اسد اللہ کاکڑ ڈرائیور سمیت اغوا، کیشئیر کو رہا کر دیا گیا

برشونکی کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد کی کارروائی، کمشنر رخشان ڈویژن اور ڈرائیور کی بازیابی کے لیے کوششیں جاری

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے ضلع خاران کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے کمشنر رخشان ڈویژن اسد اللہ کاکڑ کو ڈرائیور سمیت اغوا کر لیا ہے۔ یہ واقعہ نوشکی۔ خاران روڈ پر اسی مقام کے قریب پیش آیا جہاں گذشتہ ماہ ڈپٹی کمشنر خاران کو اغوا کیا گیا تھا۔ خاران کی ضلعی انتظامیہ کے ایک سینئر عہدے دار اور خاران پولیس کے ایک افسر نے غیر ملکی نشریاتی ادارے سے بات کرتے ہوئے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر واقعے کی تصدیق کی

(بقیہ 10 اندرونی صفحہ 3 پر)

عوام کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، مہر اللہ بادینی

سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کی مسلسل نگرانی کی جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے

آٹے کی قیمتوں میں خودساختہ اضافہ برداشت نہیں کیا جائے گا، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کا آٹے کا سرکاری نرخنامہ ہر ہفتے جاری کرنے کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت شہر میں آٹے کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) محمد انور کاکڑ، محکمہ خوراک اور محکمہ صنعت کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں آٹے کی حالیہ قیمتوں، مارکیٹ کی صورتحال اور عوام کو مناسب نرخوں پر آٹے کی فراہمی سے متعلق مختلف امور کا

(بقیہ 13 اندرونی صفحہ 3 پر)

GOVERNMENT OF BALOCHISTAN
کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے آئینی تقاضوں کی تکمیل ہو چکی ہے، طارق فضل

کے پی میں دہشتگردی پر کنٹرول کے بعد نظام صوبائی حکومت کے حوالے کر دیا جائیگا، گورنر کے پی کی تبدیلی کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں

وزیراعظم نے اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دی ہے، بامقصد مذاکرات کیلئے حکومت کے دروازے کھلے ہیں، وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے آئینی تقاضوں کی تکمیل ہو چکی ہے، خیبر پختونخوا میں دہشتگردی پر کنٹرول کے بعد نظام صوبائی حکومت کے حوالے کر دیا جائے گا، کسی قسم کی کوئی سیاسی مداخلت نظر نہیں آ رہی جبکہ گورنر کی تبدیلی کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں ہے۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو

(بقیہ 19 اندرونی صفحہ 3 پر)

خواتین اور بچوں کو متوازن غذا کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، ربابہ بلیدی

بلوچستان میں غذائی قلت کے خاتمے کے لیے مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی

کوئٹہ (خ ن) مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی (ستارہ امتیاز) کا عالمی یومِ خوراک پر پیغام خوراک کا تحفظ، غذائیت سے بھرپور غذا تک ہر شہری کی رسائی اور غذائی قلت کا خاتمہ ایک صحت مند معاشرے کی بنیاد ہیں، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی خواتین اور بچوں کو متوازن اور معیاری غذا کی فراہمی حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے، مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں غذائی تحفظ صرف خوراک کی دستیابی کا نام نہیں بلکہ ہر فرد کی محفوظ، معیاری اور غذائیت سے بھرپور غذا تک رسائی کو یقینی بنانا بھی ضروری ہے، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدیخواتین کی صحت اور غذائیت بہتر بنانا آنے والی نسلوں کی صحت مند نشوونما کے لیے ناگزیر ہے، مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں ماں اور بچے کی مناسب غذائیت ایک صحت مند اور توانا معاشرے کی تشکیل میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی خواتین میں غذائیت سے متعلق شعور اجاگر کرنا اور انہیں صحت مند خوراک کے انتخاب کے قابل بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، مشیر

(بقیہ 14 اندرونی صفحہ 3 پر)

گوادر کے چار وارڈز میں سیوریج لائنیں بچھانے کا فیصلہ، جلد کام شروع ہوگا

گوادر (اے این این) گوادر میں نکاسی آب کے دیرینہ مسائل کے حل اور شہری ماحول کو بہتر بنانے کے لیے لوکل گورنمنٹ کی اسکیم کے تحت شہر کے چار مختلف وارڈز میں سیوریج لائنیں بچھانے کی تیاریاں شروع کر دی گئی ہیں۔ اس سلسلے میں وائس چیئرمین میونسپل کارپوریشن گوادر سیف اللہ ہوت نے مجوزہ مقامات کا دورہ کر کے معائنہ کیا اور منصوبوں پر جلد عملی کام شروع کرنے کے لیے متعلقہ حکام سے تفصیلات حاصل کیں۔ وائس چیئرمین میونسپل کارپوریشن گوادر سیف اللہ ہوت نے لوکل گورنمنٹ کی اسکیم کے تحت گرلز اسکول وارڈ، ناگمان وارڈ، مجاہد وارڈ اور میر لعل

(بقیہ 15 اندرونی صفحہ 3 پر)

اسماجنگ کے ساتھ ہونے والے ظلم پر پورا بلوچستان شرمندہ ہے، علی مددجتک

ظالم سرداروں اور نوابوں کی نجی جیلیں ہیں، ہم مظلوم کے ساتھ کھڑے رہیں گے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے جاری اجلاس میں صوبائی وزیر میر علی مددجتک نے اسماجنگ کیس اور صوبے کے جاگیردارانہ نظام پر شدید تنقید کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ وہ ہر حالت میں ظالم کے خلاف آواز بلند کرتے رہیں

(بقیہ 16 اندرونی صفحہ 3 پر)

مولانا ہدایت الرحمٰن کا محکمہ ایس اینڈ جی اے ڈی کے حوالے سے توجہ دلاؤ نوٹس پیش

سرکاری دفاتر میں ایم پی ایز اور عوام خوار ہو رہے ہیں، گوادر کے اسکول کو اپ گریڈ کرنے میں 5 سال لگ گئے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے جاری اجلاس کے دوران حق دو تحریک کے قائد اور رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن کی جانب سے محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن (ایس اینڈ جی اے ڈی) کے حوالے سے ایک اہم توجہ دلاؤ نوٹس

(بقیہ 17 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان پولیس کی اے ایس پی سامعہ سلیم خواتین کے عالمی دن پر مثال بن گئیں

کوئٹہ (اے این این) کوئٹہ میں بلوچستان پولیس کی خاتون افسر اے ایس پی سامعہ سلیم خواتین کے عالمی دن کے موقع پر دیگر خواتین کیلئے حوصلہ افزا اور عملی مثال بن گئیں۔ اے ایس پی سامعہ سلیم قبائلی معاشرے میں خواتین کی خدمت اور تحفظ کے لئے مکمل طور پر سرگرم عمل ہیں، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ بلوچستان پولیس میں خواتین افسران کا کردار نمایاں ہے اور وہ اپنے فرائض کی ادائیگی میں مصروف ہیں۔ خواتین کے عالمی دن کے موقع پر اے ایس پی سامعہ سلیم کی گراں قدر خدمات کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔ سامعہ سلیم کا کہنا ہے کہ ان کا خواب

(بقیہ 18 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ کے مراکزِ صحت میں عملے کی حاضری اور ادویات کی دستیابی یقینی بنانے کی ہدایت

غیر رجسٹرڈ ادویات اور کھلے دودھ کے خلاف کارروائیوں کا جائزہ، ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ ویسٹ اخلاق احمد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، ڈسٹرکٹ مینیجر پی پی ایچ آئی، ڈرگ کنٹرولر اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کوئٹہ کے تمام بنیادی مراکزِ صحت (BHUs) اور رورل ہیلتھ سینٹرز (RHCs) میں عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی اور دیگر طبی سہولیات سے متعلق رپورٹس پیش کی گئیں۔ متعلقہ افسران نے مراکزِ صحت کی صورتحال اور درپیش مسائل کے حوالے سے بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈرگ کنٹرولر نے رواں ماہ کے دوران کی جانے والی کارروائیوں، خصوصاً غیر رجسٹرڈ ادویات اور کھلے دودھ کے خلاف اقدامات، ضبط شدہ دودھ اور دیگر کارروائیوں سے متعلق تفصیلات پیش کیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ ویسٹ اخلاق احمد نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ضلع کے تمام مراکزِ صحت میں عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی

(بقیہ 20 اندرونی صفحہ 3 پر)

محسن نقوی کے بیان نے حکومتوں اور اسمبلیوں کو بوگس ثابت کر دیا، صادق آغا

محسن نقوی کے اعتراف سے موجودہ حکومتوں اور اسمبلیوں کی اصل حقیقت سامنے آگئی ہے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے کہا ہے کہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا فارم 47 سے متعلق اعتراف نے موجودہ حکومتوں اور اسمبلیوں کی قانونی حیثیت اور عوامی مینڈیٹ کے حوالے سے سنگین سوالات پیدا کر دیے ہیں۔ ان کے بقول اس بیان سے یہ مؤقف مزید مضبوط ہوا ہے کہ موجودہ حکومتیں اور اسمبلیاں عوام کے حقیقی مینڈیٹ کی عکاسی نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عام انتخابات 2024 کے نتائج کے حوالے سے پہلے ہی مختلف سیاسی جماعتوں کی جانب سے تحفظات کا اظہار کیا جاتا رہا ہے، جبکہ اب وفاقی وزیر داخلہ کے بیان کے بعد انتخابی عمل کی شفافیت اور غیر جانب داری سے متعلق سوالات مزید اہمیت اختیار کر گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جمہوریت کی بنیاد عوام کے ووٹ اور ان کے فیصلے کے احترام پر قائم ہوتی ہے، اگر

(بقیہ 25 اندرونی صفحہ 3 پر)

لانگ مارچ روکنا تھا، روک دیا گیا، اب چیزیں واپس ہونی چاہئیں، بیرسٹر گوہر

آئین کے مطابق گورنر راج زیادہ سے زیادہ 6 ماہ تک رہ سکتا ہے، گورنر راج اور ایمرجنسی کو پشاور ہائیکورٹ میں چیلنج کیا ہے

معاملہ وفاقی آئینی عدالت میں لے بھی جائیں گے، ہمیں عدالت سے ریلیف ملنا چاہیے، چیئرمین پی ٹی آئی کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (اے این این) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ آئین کے مطابق گورنر راج زیادہ سے زیادہ 6 ماہ تک رہ سکتا ہے، لانگ مارچ روکنا تھا، روک دیا گیا، اب چیزیں واپس ہونی چاہئیں۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کو پشاور ہائیکورٹ میں چیلنج کیا ہے۔ معاملہ وفاقی آئینی عدالت میں لے بھی جائیں گے، ایمرجنسی کی بنیاد ہی نہیں، ریلیف ملنا چاہیے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ پشاور ہائیکورٹ پہلے معاملہ دیکھے، لارجر بینچ بنا کر سماعت کی جائے، گورنر راج اور ایمرجنسی کی بنیاد ہی نہیں، ہمیں عدالت سے ریلیف ملنا چاہیے۔ چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ آئین کے مطابق گورنر راج زیادہ سے زیادہ 6 ماہ تک رہ سکتا ہے، لانگ مارچ روکنا تھا، روک دیا گیا، اب چیزیں واپس ہونی چاہئیں۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کو پشاور ہائیکورٹ میں چیلنج کیا ہے۔ معاملہ وفاقی

(بقیہ 22 اندرونی صفحہ 3 پر)

ڈسٹرکٹ زیارت پولیس میں بھرتیوں کا عمل جاری، قد و چھاتی کی پیمائش میں 77 امیدوار کامیاب

98 امیدواروں نے پہلے مرحلے میں کاغذات جمع کرائے، اگلے مرحلے میں دوڑ اور تحریری امتحان ہوگا، ترجمان بلوچستان پولیس

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان پولیس میں بھرتیوں کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ زیارت میں بھرتی کا عمل جاری ہے۔ پہلے مرحلے میں 98 امیدواروں نے اپنے کاغذات جمع کرائے، جن کی جانچ پڑتال کے بعد دوسرے مرحلے میں قد و چھاتی (CS) کی پیمائش کا عمل مکمل کیا گیا، جس میں 77 امیدوار کامیاب قرار پائے۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق ایڈیشنل آئی جی پولیس آپریشنز اور چیئرمین ریکروٹمنٹ کمیٹی شہزادہ اکبر کی نگرانی میں ڈسٹرکٹ زیارت پولیس میں بھرتیوں کا عمل جاری ہے۔ پہلے مرحلے میں جمع کرائے گئے امیدواروں کے کاغذات کی جانچ پڑتال کی گئی، جس کے بعد دوسرے مرحلے میں جسمانی پیمائش کا مرحلہ مکمل کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق بھرتی کے تیسرے مرحلے میں امیدواروں کی دوڑ ہوگی، جبکہ چوتھے مرحلے میں تحریری امتحان لیا جائے گا۔ ان مراحل میں کامیاب ہونے والے امیدوار آخری مرحلے میں

(بقیہ 21 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایم پی اے ہاسٹل میں غیر متعلقہ افراد کی رہائش اور نان کسٹم پیڈ گاڑیاں کھڑی ہونے کا انکشاف

اسپیکر ایم پی اے ہاسٹل کا سرپرائز دورہ کریں، رکن اسمبلی اشوک کمار

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران رکن صوبائی اسمبلی اشوک کمار نے ایم پی اے ہاسٹل کی صورتحال کی طرف ایوان کی توجہ مبذول کرواتے ہوئے اسپیکر سے ہاسٹل کے سرپرائز دورے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایوان میں نقطہ اعتراض پر بات کرتے ہوئے رکن اسمبلی اشوک کمار نے انکشاف کیا کہ ایم پی اے ہاسٹل میں منتخب اراکین اسمبلی کے بجائے دیگر غیر متعلقہ افراد کمروں پر قابض اور مقیم ہیں۔ انہوں نے مزید نشاندہی کی کہ ہاسٹل کے احاطے میں غیر قانونی اور نان کسٹم پیڈ (NCP) گاڑیاں بھی کھڑی کی جاتی ہیں، جو ہاسٹل کی انتظامیہ اور سیکیورٹی پر بڑا سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی سے استدعا کی کہ وہ ایم پی اے ہاسٹل کا سرپرائز دورہ کر کے صورتحال کا خود جائزہ لیں اور غیر قانونی قیام و گاڑیوں کے خلاف سخت اقدامات کرنے کی ہدایت جاری کریں۔ بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران رکن صوبائی اسمبلی اشوک کمار نے ایم پی اے ہاسٹل کی صورتحال کی طرف ایوان کی توجہ

(بقیہ 24 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں پانی کا بحران شدید تر، ٹینکرز مافیا غریب عوام کو لوٹ رہے ہیں، زرک خان مندوخیل

اگر ہم عوام کو پانی اور بنیادی سہولیات نہیں دے سکتے تو ایوان میں بیٹھنے کا کوئی جواز نہیں ہے، رکن صوبائی اسمبلی

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے جاری اجلاس میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں پانی کی شدید قلت اور ٹینکرز مافیا کی من مانیوں پر رکن صوبائی اسمبلی زرک خان مندوخیل نے سخت احتجاج اور شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ ایوان میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے رکن اسمبلی زرک خان مندوخیل نے کہا کہ کوئٹہ میں پینے کے پانی کا مسئلہ انتہائی سنگین صورتحال اختیار کر چکا ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ ان کے حلقے میں ٹینکرز مافیا سرگرم ہے اور غریب وبے بس شہریوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہا ہے، جبکہ انتظامیہ اس ناانصافی پر خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ زرک خان مندوخیل نے جذباتی انداز میں ایوان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر ہم اپنے عوام کو پینے کے صاف پانی جیسی بنیادی انسانی ضرورت بھی فراہم نہیں کر سکتے تو ہمیں اس ایوان میں بیٹھنے کا کوئی حق یا ضرورت نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر ہم عوام کو پانی

(بقیہ 23 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی شہر میں آٹے کی قیمتوں کا تعین اور عمل درآمد کرانے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

امربالمعروف و نہی من المنکر — اچھائی کی طرف اطلاع کرنا اور برائی سے بچانا
روزنامہ
Daily ETLA-E-AAM Quetta
اطلاع عام
کوئٹہ
چیف ایڈیٹر: محمد عمر
E-mail Etlaeaam2010@gmail.com

چیف ایڈیٹر محمد عمر نے الکریم پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر نیوز افغان روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
فون نمبرز 081-2820055 , 081-2453865
فیکس نمبر: 081-2828245
Email:Etlaeaam2010@gmail.com

سعودی عرب کا دفاع لازم

افواجِ پاکستان کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کا ایک مقصد سعودی عرب کا دفاع ہے جو ہر صورت کیا جائے گا۔ ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) آئی ایس پی آر نے امریکی نشریاتی ادارے سی این این کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ پاکستانی افواج مختلف صلاحیتوں اور شعبوں میں کئی دہائیوں سے سعودی عرب میں کام کر رہی ہیں، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اچانک وجود میں آنے والا اتحاد نہیں ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ اِس معاہدے کے تحت عملی کارروائی کے حوالے سے واضح کیا جاچکا ہے کہ اِس کا نفاذ اور اِس کے نتیجے میں سامنے آنے والے تمام اثرات خالصتاً دفاعی نوعیت کے ہوں گے۔ اُنہوں نے یہ بھی واضح کیا کہ یہ فیصلہ آپریشنل کمانڈرز کریں گے کہ دفاع کس طرح ہوگا، کون سا دستہ وہاں جائے گا اور اِسے کس انداز میں استعمال کیا جائے گا۔ اُنہوں نے اِس دفاعی معاہدہ کو خطے کے استحکام کی ضمانت قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہاں حالیہ برسوں میں نئے سکیورٹی چیلنجوں نے جنم لیا ہے، جس کے نتیجے میں وجود میں آنے والا یہ معاہدہ کسی بھی ممکنہ خطرے کو ناکام بنانے کی مشترکہ دفاعی قوت کے طور پر کام کرے گا۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ کسی بھی ملک پر حملہ سب پر حملہ تصور ہوگا، جس کو دیکھتے ہوئے کوئی بھی اپنے مذموم مقاصد کو عملی جامہ پہنانے سے پہلے کئی بار سوچے گا، اِس کا مقصد کسی کو دشمن یا دوست قرار دینا نہیں ہے۔ انہوں نے امریکہ ایران جنگ کے خاتمے کیلئے معاہدے کی کوششوں کے حوالے سے کہا کہ پاکستان نے پہلے بھی کردار ادا کیا، اب بھی کر رہا ہے اور آئندہ بھی کرتا رہے گا تاکہ اختلافات کم ہوں اور مذاکرات کے ذریعے مسئلے کا پُرامن حل نکل سکے۔ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے سے متعلق دفترِ خارجہ کی ہفتہ وار بریفنگ کے دوران ترجمان سجاد حیدر خان کا کہنا تھا کہ حرمین شریفین کے تقدس کا تحفظ ہر حال میں یقینی بنایا جانا چاہئے، پاکستان معاہدے کے تحت سعودی عرب کیساتھ کھڑا ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ دو اکتوبر کو طیبہ پاور ڈسٹری بیوشن سٹیشن پر حملہ سنگین اشتعال انگیزی ہے، وزیراعظم شہباز شریف نے سعودی عرب پر حوثی حملوں کی شدید مذمت کی، پاکستان سعودی عرب کی خود مختاری، علاقائی سالمیت، سلامتی اور تحفظ کی حمایت کرتا ہے۔ ترجمان نے ایران امریکہ مذاکرات کے حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان سات نکات پر بات چیت جاری ہے، امریکہ نے بھی ایران کے نکات پر اپنا موقف بیان کیا ہے۔ امریکہ اور ایران کے درمیان براہِ راست رابطے پاکستان کی ثالثی کوششوں ہی کا نتیجہ ہیں۔ اُن کا کہنا تھا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پہلے سے موجود ہے، زیرِ بحث بعض نکات اُس سے ہی مطابقت رکھتے ہیں، تنازعے کے حل کی کوششوں میں پاکستان اور دیگر اہم ممالک کا کردار موجود ہے، پاکستان دونوں ممالک کے درمیان براہِ راست تعاون اور کشیدگی میں کمی کا خواہاں ہے، وہ چاہتا ہے کہ تنازعے کو مذاکرات کے ذریعے حل کیا جائے، ضرورت پڑنے پر پاکستان دونوں فریقوں کے درمیان دوبارہ ثالثی کیلئے تیار ہے۔ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ سات اگست 2026ء کو مقدس شہر مکہ مکرمہ میں ہونے والی سربراہی ملاقات کے دوران طے پایا تھا۔ سعودی ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان، ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف نے اِس معاہدے پر دستخط کیے۔ معاہدے کا بنیادی مقصد یہی تھا کہ تینوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون، مشترکہ دفاعی صلاحیت اور کسی بیرونی جارحیت کے خلاف اجتماعی دفاعی قوت کو مضبوط بنایا جائے گا اور کسی ایک رکن ملک پر مسلح حملہ تینوں ممالک پر حملہ تصور ہوگا۔ 31 اگست 2026ء کو استنبول میں معاہدے کی سٹریٹجک، سیاسی اور دفاعی کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں ادارہ جاتی تعاون کو مضبوط بنانے اور سعودی عرب میں سیکرٹریٹ قائم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ ریاض میں پانچ اکتوبر کو ہونے والے ہنگامی اجلاس میں سعودی عرب کو درپیش سکیورٹی خطرات، مشترکہ دفاعی ذمہ داریوں اور عملی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ پاکستان اور ترکیہ کی طرف سے واضح کیا گیا کہ معاہدہ دفاعی نوعیت کا ہے اور اِس کا مقصد علاقائی اَمن و استحکام کو فروغ دینا ہے۔ سعودی عرب پر حوثی حملوں اور حرمین شریفین کے تحفظ کے حوالے سے بعض حلقوں کی یہ خواہش ہے کہ پاکستان فوری طور پر حوثیوں کے خلاف براہِ راست کارروائی کرے جبکہ پاکستان بارہا واضح کرچکا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ جارحانہ نہیں بلکہ دفاعی نوعیت کا ہے۔ ترکیہ کے وزیر خارجہ نے بھی سعودی عرب کی معاونت کے حوالے سے دفاعی کردار پر زور دیا لیکن کسی بھی جارحانہ کارروائی میں شرکت کے امکان کو رد کردیا۔ سعودی عرب کی اپنی مسلح افواج، جدید دفاعی نظام اور عسکری صلاحیتیں موجود ہیں اور وہ اپنے دفاع کے لئے اقدامات کر رہی ہیں۔ پاکستان اور ترکیہ کی معاونت کی نوعیت، ضرورت اور حدود کا تعین متعلقہ عسکری و دفاعی ادارے کریں گے اور اِس حوالے سے فیصلہ اُنہیں ہی کرنا چاہئے۔ یہ معاملہ سیاسی پوائنٹ سکورنگ کا نہیں بلکہ سنجیدہ ریاستی حکمتِ عملی کا متقاضی ہے۔ سعودی عرب کا دفاع پاکستان کی اولین ترجیح ہے اور ترجمان پاک فوج نے یقین دہانی بھی کرائی ہے کہ دفاعی معاہدے کی پاسداری کی جائے گی۔ ایسے میں ضروری ہے کہ قومی یکجہتی برقرار رکھی جائے اور غیرضروری قیاس آرائی سے گریز کیا جائے۔

ایک اور دہائی کا زیاں

حامد ولید

سیاست میں نعرے بازی، جذباتی بیانیے اور عوام کو وقتی طور پر جوش دلانا تواتر کے ساتھ سیاستدانوں کا ہتھیار ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی ملک میں سیاسی و معاشی بحران گہرے ہوتے ہیں، کوئی نہ کوئی نیا نعرہ یا مفروضہ فضا پر چھا جاتا ہے۔ ایک وقت تھا جب مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف کی طرف سے ”ووٹ کو عزت دو“ کا بیانیہ سیاست کے مرکز میں تھا، جس کے گرد طویل بحثیں، جلسے جلوس اور سیاسی محاذ آرائیاں گھومتی رہیں۔ وقت کا پہیہ گھوما، کردار بدلے، اور آج تقریباً وہی تکنیک اور ڈھنگ پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی طرف سے اپنایا جارہا ہے، مگر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اِس طویل اور تھکا دینے والی کشمکش نے اِس ملک اور اِس کے عوام کو کیا دیا؟ جواب تلخ ہے، مگر حقیقت پر مبنی: صرف اور صرف ضائع شدہ وقت اور گہرے معاشی زخم۔ سال 2014ء سے لے کر آج تک کا عرصہ ملکی تاریخ کا وہ باب ہے جس میں مسلسل سیاسی دھرنوں، انتشار، روڈ بلاکس اور دنگا فساد نے ریاست کو شدید کمزور کیا۔ یہ وہ دور تھا جب جھوٹے اور مصنوعی بیانیوں کو اس ہنر کے ساتھ بیچا گیا، ایک ایسی مقبولیت کا واویلا مچایا گیا جس کا زمینی حقائق سے دور کا بھی واسطہ نہیں تھا۔ پرنٹ، الیکٹرانک اور بالخصوص سوشل میڈیا کے اس دور میں جھوٹ کو اتنی بار اور اتنے اعتماد سے بولا گیا کہ ایک لمحے کے لئے عام آدمی بھی یہ سوچنے پر مجبور ہو گیا کہ شاید واقعی تبدیلی کی کوئی ایسی سونامی آ چکی ہے جو روایتی سیاست کو ملیامیٹ کردے گی۔ پراپیگنڈا یہ کیا گیا کہ عمران خان اس قدر مقبول ہو چکے ہیں کہ وہ جیل کے اندر بیٹھ کر بھی پوری ریاست کو کنٹرول کرلیں گے اور ان کا ایک اشارہ پورے ملک کو مفلوج کر دے گا، لیکن حقائق نے اس طلسم کو بڑی بے دردی سے توڑا۔ اڈیالہ جیل کے باہر، جہاں بظاہر لاکھوں کارکنوں کے امڈ آنے کے دعوے کیے جاتے رہے، کبھی ڈھنگ کا ایک ایسا اجتماع بھی دیکھنے کو نہیں ملا جو اس مبینہ مقبولیت کا سچا ثبوت فراہم کرسکتا۔ چند سو افراد کی طفل مکانی اور سوشل میڈیا کے سکرین شاٹس کو حقیقی عوام کی طاقت بنا کر پیش کیا جاتا رہا۔ اس جھوٹے اور مصنوعی بیانیے کی اصلیت اس وقت مزید عیاں ہو گئی جب خیبر پختونخوا کے محاذ پر آزمائش کا وقت آیا۔ اس دعوے کے ساتھ کہ ”پورا خیبر پختونخوا ترکیہ بن جائے گا“ اور ہر گلی کوچے سے لوگ سڑکوں پر نکل آئیں گے، عوام کو ایک بار پھر فریب میں مبتلا کرنے کی کوشش کی گئی۔ حقیقت اس کے بالکل برعکس نکلی۔ جب صوبے میں ایمرجنسی جیسے حالات یا سخت حفاظتی انتظامات کا سامنا کرنا پڑا تو وہ طوفان جو سوشل میڈیا کی دنیا میں اٹھائے جارہے تھے، حقیقت کی دھوپ میں موم کی طرح پگھل گئے۔ سہیل آفریدی کی گرفتاری کو اڑتالیس گھنٹے سے زائد کا عرصہ گزر جانے کے باوجود نہ تو ان کے اپنے گھر والے سڑکوں پر نکلے اور نہ ہی خیبر پختونخوا کے طول و عرض میں کوئی ایسا عوامی تردد یا احتجاج نظر آیا جو اس دعوے کی تائید کرتا کہ عوام اس قیادت کے لئے جان دینے کو تیار ہیں۔ یہ اس بات کا صریح ثبوت ہے کہ پی ٹی آئی کبھی بھی عوام کے دلوں کی دھڑکن بننے والی ایک حقیقی سیاسی جماعت نہیں رہی اور نہ ہی عام آدمی نے کبھی عمران خان کو اپنے روٹی، کپڑا، مکان، مہنگائی اور بے روزگاری جیسے بنیادی سیاسی و معاشی مسائل کا سنجیدہ نجات دہندہ سمجھا۔ اگر اس تمام تر صورتحال کا غیر جانبدارانہ تجزیہ کیا جائے تو یہ حقیقت کھل کر سامنے آتی ہے کہ یہ سارا تماشا دراصل چند ریاستی کرداروں کی ذاتی اور انفرادی تمناؤں کا شاخسانہ تھا۔ جس طرح 1990ء کی دہائی کو سیاسی جوڑ توڑ اور تجربات کی نذر کر کے ملک کو پسماندگی کی طرف دھکیلا گیا تھا، بالکل اسی طرح 2014ء سے 2024ء تک کی پوری ایک دہائی کو ایک جرنیل، یعنی سابقہ ڈی جی آئی ایس آئی جنرل فیض حمید کی اس ”معصوم سی خواہش“ کی بھینٹ چڑھا دیا گیا کہ وہ کسی نہ کسی طرح اپنے منظور نظر کو اقتدار کی بلندیوں پر دیکھنا چاہتے تھے۔ اس ایک شخص کی خواہش کو عملی جامہ پہنانے کے لئے پوری اسٹیبلشمنٹ کو اس کام پر لگا دیا گیا کہ دن رات ایک کر کے عمران خان کو ناقابلِ تسخیر اور مقبول ترین لیڈر ثابت کیا جائے۔ ٹی وی کیمروں کے اینگل اس طرح سیٹ کیے جاتے تھے کہ جلسوں کے خالی میدان بھرے ہوئے دکھائی دیں۔ قومی وسائل کو اس جھوٹے پراپیگنڈے کی ترویج میں جھونک دیا گیا کہ ایک نیا مسیحا آ رہا ہے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ اس دس سالہ تجربے نے پاکستان کی معیشت کو آئی سی یو میں پہنچا دیا، جمہوریت کو زک پہنچی، اور اداروں کے مابین اعتماد کا رشتہ کمزور تر ہوگیا۔ اب وقت آ گیا ہے کہ پاکستانی قوم بالخصوص نوجوان نسل اپنی آنکھیں کھولے۔ جھوٹے پراپیگنڈوں، ڈیجیٹل ہرزہ سرائیوں اور فکری انتشار سے مرعوب ہو کر مزید وقت ضائع کرنے کا اب کوئی جواز باقی نہیں بچا۔ سیاسی اور معاشی مسائل کا حل جذباتی نعروں یا سوشل میڈیا کے رجحانات میں نہیں، بلکہ سنجیدہ، پائیدار اور نظریاتی سیاست میں پوشیدہ ہے۔ ہمیں ان سنجیدہ سیاسی جماعتوں کی طرف دیکھنا ہوگا جو اداروں کی آئینی حدود میں رہتے ہوئے جمہوریت کی بحالی، قانون کی بالادستی اور معیشت کی درست سمت کے لئے سنجیدہ جدوجہد کر رہی ہیں۔ شور شرابے اور فساد کی سیاست نے اس ملک کو سوائے بحرانوں کے کچھ نہیں دیا۔ اگر ہم نے اب بھی سبق نہ سیکھا اور حقائق کا سامنا کرنے سے گریز کیا، تو آنے والی نسلیں ہمیں کبھی معاف نہیں کریں گی۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ذاتی انا، مصنوعی مقبولیت کے غبار اور اداروں کی مداخلت کے باب کو ہمیشہ کے لئے بند کر کے صرف اور صرف آئین، قانون اور جمہوریت کی بالادستی کو مقدم رکھا جائے۔

سیاست کے انداز بدلے گئے

نسیم شاہد

لڑکپن کی یادوں میں ایک یاد یہ بھی ہے کہ ہم سیاسی رہنماؤں کے بہت دیوانے ہوا کرتے تھے، ملتان کینٹ کے صدر بازار میں رہائش تھی اور اُس سے کچھ ہی فاصلے پر کھر ہاؤس ہوتا تھا۔ آج یہ ویران پڑا ہے، اس کھر ہاؤس میں سیاست کی بڑی گہما گہمی ہوتی تھی۔ غلام مصطفٰی کھر پیپلز پارٹی میں تھے تو یہ جگہ گویا پیپلز پارٹی کی سرگرمیوں کا مرکز تھی، سونے پہ سہاگہ گھر کے تقریباً سامنے ہی گٹ فٹ ٹیلر نام کی دکان تھی یہ دکان کم اور سیاسی سرگرمیوں کا مرکز زیادہ تھی، پیپلز پارٹی کینٹ کا دفتر ہونے کی وجہ سے زیادہ وقت وہیں گذرتا تھا۔ پھر ایک دن یہ شور مچا کہ ذوالفقار علی بھٹو کھر ہاؤس آ رہے ہیں ہم نوجوان دوستوں نے بھی صبح سویرے وہاں ڈیرے ڈال دیئے۔ اچھی بات یہ تھی پیپلز پارٹی کے کارکنوں پر اندر جانے کی کھلی اجازت تھی۔ آج جیسی ہٹو بچو بھی نہیں تھی اور اُس دن خاصا میلہ سا لگا ہوا تھا۔ اِس سے پہلے ذوالفقار علی بھٹو پرانا شجاع آباد روڈ پر نواب صادق حسین قریشی جو بعد میں وزیراعلیٰ بھی بنے، کے وائٹ ہاؤس میں رہنماؤں اور کارکنوں سے ملتے تھے۔ اُس زمانے میں ایک چھوٹے سے سیاسی رہنما کی بھی بہت عزت ہوتی تھی، کارکن بھی اُسے رشک کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ یہ صحیح معنوں میں سیاست کا عروج تھا، کرپشن کی کہانیاں بہت کم سننے کو ملتی تھیں، عام سیاسی رہنما لوگوں کی خدمت کر کے جو عزت ملتی تھی، اُس پر خوش ہوتے تھے۔ کسی تھانے میں کوئی پارٹی عہدیدار چلا جاتا تو اس کی بے عزتی نہیں شنوائی ہوتی تھی۔ افسر بھی اُن کی بات سنتے تھے، آج کل کی طرح نہیں کہ ارکان اسمبلی دہائی دے رہے ہیں کہ افسر اُن کی بات نہیں سنتے، اُلٹا بدزبانی کرتے ہیں، اس ضمن میں تحاریک استحقاق بھی پیش ہو رہی ہیں اور وہاں بھی پولیس اور انتظامی افسروں کی گردن نیچے نہیں آ رہی۔ سیاست اِس حال تک کیسے پہنچی، یہ کہانی سب کے سامنے ہے۔ سیاست پر انتظامیہ کا غلبہ نہ صرف سیاستدانوں کے لئے باعث ہزیمت ہے بلکہ عوام بھی گویا بے آسرا ہو گئے ہیں اور انتظامی و پولیس افسروں کے رحم و کرم پر ہیں۔ مجھے نصف صدی پہلے کا وہ واقعہ یاد ہے جب تھانہ کینٹ ملتان کی پولیس نے دو سیاسی کارکنوں کو تشدد کا نشانہ بنایا۔ پیپلز پارٹی کینٹ کے ایک رہنما خورشید خان تک یہ بات پہنچی تو انہوں نے کارکن اکٹھے کر کے تھانے کے سامنے دھرنا دے دیا۔ آدھا گھنٹہ نہیں گذرا ہوگا کہ ملتان کے ایس ایس پی، پیپلز پارٹی کے ضلعی صدر اور ڈپٹی کمشنر موقع پر پہنچ گئے، بات گورنر ہاؤس لاہور تک پہنچ گئی جہاں غلام مصطفٰی کھر بیٹھے تھے۔ سیاسی کارکنوں پر تشدد گویا ایک بہت بڑا واقعہ تھا۔ موقع پر تفتیش ہوئی، قصور پولیس والوں کا نکلا، کارکنوں کی رہائی ہوئی اور پولیس والے معطل کر دیئے گئے۔ اس واقعہ کا بہت دِنوں تک چرچا رہا اور پیپلز پارٹی کے کارکن پھولے نہ سمائے پھرتے تھے۔ آج کے نہیں پچھلے کئی دہائیوں کے حالات کو دیکھیں تو آپ کو فرق صاف نظر آئے گا۔ اب بس کارکن ہی رہ گئے ہیں ماریں کھانے اور جیل جانے کیلئے۔ رفتہ رفتہ حالات کا پانسہ یوں بھی پلٹا کہ سیاسی رہنماؤں نے ریاست کی طاقت کو سیاست سمجھ لیا، حالانکہ سیاست عوام سے ہوتی ہے، عوام کے لئے ہوتی ہے۔ آج حالات یہ ہیں کہ پارٹیوں کے رہنما اور ارکان اسمبلی وزیراعلیٰ سے یہ شکایت کرتے ہیں کہ ضلع یا ڈویژن کا افسر انہیں ملاقات کا وقت نہیں دیتا، پھر اُس خبر کو ایسے پھیلاتے ہیں جیسے سیاست کا انحصار اُسی پر ہو، جس رکن اسمبلی کے ساتھ پانچ دس کارکن نظر نہ آئیں، وہ صرف یہ چاہتا ہے ڈی سی او، ڈی پی او اُسے صبح و شام سلام کر کے، ڈیرے پر حاضری دے، میں نے خود ایک رکن اسمبلی کی بے بسی چند روز پہلے دیکھی۔ ایک غریب آدم اپنی فیملی کے ساتھ اُس کے ڈیرے پر بیٹھا ہوا تھا۔ مجھے ایک دوست کے ساتھ کسی تقریب میں جانا تھا۔ اُس نے کہا رکن اسمبلی سے ایک کام ہے راستے سے ہو لیتے ہیں۔ وہ غریب فیملی اُسے بتا رہی تھی ہم آپ کے ووٹرز ہیں ایک بدمعاش نے ہمارے گھر پر قبضہ کرلیا ہے اور دو بیٹوں کو بھی تشدد کر کے پولیس کے حوالے کیا ہے۔ اب پولیس والے ہمارے خلاف ہی پرچہ دے رہے ہیں۔ ایسی بات اگر دو دہائی پہلے کسی رکن اسمبلی کے سامنے ہوتی، رکن اسمبلی کو تو چھوڑیں ایک عام پارٹی عہدیدار کے علم میں بھی آتی تو وہ اُٹھ کر اُن کے ساتھ ہو لیتا، مگر میں نے خود یہ جملہ سنا، بابا افسر میرا واقف نہیں، تم کوئی اچھا وکیل کر کے عدالت میں کیس کر دو۔ میں یہ سن کہ حیران رہ گیا۔ ایک غریب آدم جس کی حالت بتا رہی ہے کہ دو وقت کی روٹی مشکل سے پکتی ہو گی، اُسے یہ مشورہ دینا کہ اچھا وکیل کرلو پرلے درجے کی سفاکی ہے۔ ساتھ ہی فرمایا مجھے ایک کھانے پر جانا ہے اس لئے تم خود ڈی پی او کے پاس چلے جاؤ، وہ تمہاری بات سنے گا۔ ساتھ ہی میں نے اپنے دوست کے کان میں کہا یہاں سے چلو، مجھے تو اُبکائی آنے لگی ہے۔ سیاست ایک چین کے سہارے کام کرتی ہے یہ اوپر لگایا گیا پودا نہیں ہے۔ عوام، سیاسی کارکن، پارٹی عہدیدار اور رکن اسمبلی، اس چین کے اجزاء ہیں۔ جب تک ارکان اسمبلی عوام، کارکنوں اور پارٹی عہدیداروں کی دسترس میں ہوتے تھے سیاست کی زنجیر مضبوط تھی، اب صرف بات رکن اسمبلی تک رہ گئی ہے۔ اس کے اپنے ذاتی کام اور مفادات ہی اتنے ہوتے ہیں کہ وہ بار بار عوام کے لئے کام کر کے اپنی سفارشیں ضائع نہیں کرنا چاہتا۔ اپوزیشن کے ارکان اسمبلی تو ویسے ہی گواچی گاں بن جاتے ہیں مگر حکمران جماعت کے ارکان اسمبلی اور بڑے عہدیداروں کو سیاسی یتیمی کا لبادہ اوڑھے دیکھ کر حیرانی ہوتی ہے۔ مجھے ایک بیوروکریٹ نے بتایا آج کل سیاسی نمائندوں کی خواہشیں بھی عجیب و غریب ہیں۔ کبھی فون کریں گے کھانے کا وقت تو دیں، کبھی کہیں گے میں کل آپ کے آفس آنا چاہتا ہوں، ایک دو تصویریں بنوا لیجئے یا پھر کوئی اپنا ذاتی کام لے آئیں گے۔ اپنے حلقے کے مسائل پر شاذو نادر ہی بات کریں گے۔ اب آپ ہی بتائیے اگر ہم بھی عوام کے مسائل بارے نہ سوچیں، ترقیاتی کام نہ کرائیں تو نظام کیسے چلے۔ اب ان کی خواہش یہ بھی ہوتی ہے کوئی ترقیاتی منصوبہ شروع ہوا ہے، تو اُس کی افتتاحی تختی پر اُن کا نام بھی آئے۔ نام نہ آئے تو موقع ملتے ہی شکایت کر دیتے ہیں، واقعی زمانہ بدل گیا ہے، سیاست کے انداز بھی بدل گئے ہیں اس کی بہت سی وجوہات ہوسکتی ہیں مگر ایک عوامی نمائندہ عوام سے لاتعلق کیسے ہوسکتا ہے، یہ ایک لاجواب کر دینے والی بات ہے۔

برف میں چھپے کائنات کے راز

خالد ارشاد صوفی

1988ء میں چوالیس سالہ سائنسدان فرانسس ہالزن کے ذہن میں ایک اچھوتا خیال آیا۔ اس نے کائنات کے راز جاننے کے لئے آسمان کی بجائے زمین کی گہرائیوں میں دیکھنے کا فیصلہ کیا۔ خیال عجیب تھا اور راستہ اس سے بھی زیادہ مشکل۔ اس کھوج میں تقریباً چار عشرے لگ گئے لیکن آخرکار یہی خیال ہالزن کو نوبیل انعام تک لے گیا اور سائنس کو کائنات کے راز جاننے کا ایک نیا طریقہ بھی دے گیا۔ ہالزن کی نگاہ قطب جنوبی کی میلوں پھیلی برف پر تھی۔ منصوبہ یہ تھا کہ اس برف میں ہزاروں میٹر گہرے سوراخ کیے جائیں اور ان کے اندر ایسے حساس آلات نصب کر دیے جائیں جو خلا کے انتہائی دور دراز حصوں سے آنے والے باریک ذرات کا سراغ لگا سکیں۔ یہ ذرات Neutrinos یعنی نیوٹرینو کہلاتے ہیں۔ نیوٹرینو کو آسان الفاظ میں کائنات کا خاموش مسافر کہا جاسکتا ہے۔ یہ ستاروں، کہکشاؤں اور خلا میں ہونے والے انتہائی طاقتور واقعات کے دوران پیدا ہوتے ہیں۔ یہ ناقابلِ تصور فاصلے طے کرتے ہیں اور مادے میں سے بھی گزر سکتے ہیں۔ ہر لمحے بے شمار نیوٹرینو ہمارے جسم اور زمین میں سے گزر رہے ہوتے ہیں مگر ہمیں ان کا احساس تک نہیں ہوتا۔ ہالزن نے جنوبی قطب کی انتہائی صاف اور گہری برف کو ایک قدرتی دوربین بنانے کا تصور پیش کیا۔ منصوبہ یہ تھا کہ برف کی گہرائی میں حساس آلات نصب کیے جائیں۔ جب کوئی نیوٹرینو وہاں کسی ذرے سے ٹکرائے تو اس ٹکراؤ سے پیدا ہونے والی انتہائی معمولی روشنی کو یہ آلات محسوس کرلیں۔ خیال پیش کرنا آسان تھا، اسے عملی جامہ پہنانا نہیں۔ ابتدائی تجربات میں معلوم ہوا کہ برف میں موجود ہوا کے چھوٹے بلبلے روشنی کو منتشر کردیتے ہیں۔ مزید تحقیق سے پتا چلا کہ زیادہ گہرائی میں برف زیادہ صاف ہے۔ یوں پہلی بڑی رکاوٹ کا حل مل گیا۔ پھر مالی وسائل اور ٹیکنالوجی کا مسئلہ تھا۔ منصوبے کے لئے بھاری سرمایہ، جدید مشینری اور سینکڑوں سائنس دانوں، انجینئروں اور تکنیکی ماہرین کی ضرورت تھی۔ یہ سب کچھ دنیا کے ایک ایسے مقام تک پہنچانا تھا جہاں شدید سردی میں معمول کی زندگی بھی دشوار ہے۔ برف میں ہزاروں میٹر گہرے سوراخ کرنے اور ان میں حساس آلات نصب کرنے کے لئے بھی نئی تکنیک درکار تھی۔ 1999ء میں اس رصدگاہ کی باقاعدہ تجویز پیش کی گئی جسے IceCube کا نام دیا گیا۔ کئی سال تیاری میں گزرے اور 2004ء میں قطب جنوبی پر تعمیر شروع ہوئی۔ انتہائی گرم پانی سے برف پگھلا کر تقریباً ڈھائی کلومیٹر گہرے سوراخ کیے گئے۔ پھر تاروں کے ساتھ حساس آلات ان میں اتارے گئے۔ یہ کام تیزی سے کرنا پڑتا تھا کیونکہ سوراخ دوبارہ جمنا شروع ہو جاتے تھے۔ کئی سال کی مسلسل محنت اور بے شمار تکنیکی مشکلات کے بعد پانچ ہزار سے زیادہ حساس آلات برف کی گہرائی میں نصب ہو گئے۔ یہ تقریباً ایک مکعب کلومیٹر علاقے میں پھیلے ہوئے تھے۔ یوں برسوں کی کوشش کے بعد ایک مکعب کلومیٹر برف ایک دیوہیکل سائنسی رصدگاہ میں تبدیل ہوگئی۔ 2011ء میں آئس کیوب نے پوری صلاحیت سے کام شروع کیا۔ اب اصل امتحان یہ تھا کہ کیا ہالزن کا کئی دہائیاں پرانا خیال واقعی کائنات کے بارے میں کچھ ایسا بتا سکے گا جو انسان پہلے نہیں جانتا تھا؟ صرف دو سال بعد اس کا جواب ملنا شروع ہوگیا۔ 2013ء میں آئس کیوب نے ایسے انتہائی طاقتور نیوٹرینو کے واضح شواہد حاصل کیے جو زمین کے ماحول میں پیدا نہیں ہوئے تھے، بلکہ دور دراز کائنات سے آئے تھے۔ یہ ایک بڑی سائنسی کامیابی تھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ نیوٹرینو کو کائنات میں ہونے والے انتہائی طاقتور واقعات کا سراغ لگانے کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اب سوال یہ تھا کہ یہ ذرات آ کہاں سے رہے ہیں؟ 2018ء میں آئس کیوب نے ایک انتہائی طاقتور نیوٹرینو کا سراغ لگایا۔ دنیا کی دوسری دوربینوں کو بھی اس سمت متوجہ کیا گیا۔ سائنسدان اس کے ممکنہ ماخذ کی تلاش کرتے ہوئے ایک دور دراز کہکشاں تک پہنچے جس کے مرکز میں ایک بہت بڑا اور سرگرم بلیک ہول موجود تھا۔ اس تحقیق سے اہم شواہد ملے کہ بعض بڑے بلیک ہولز کے آس پاس ہونے والے انتہائی طاقتور واقعات کائناتی ذرات کو غیرمعمولی توانائی دے سکتے ہیں۔ 2022ء میں NGC 1068 نامی کہکشاں سے آنے والے نیوٹرینو کے مضبوط شواہد ملے۔ یہ کہکشاں زمین سے تقریباً ساڑھے چار کروڑ نوری سال دور ہے۔ اس کے مرکز میں ایک بڑا بلیک ہول ہے جس کے گرد موجود مادہ اور گرد و غبار اندر ہونے والی بہت سی سرگرمیوں کو ہماری نگاہوں سے چھپا دیتا ہے۔ روشنی وہاں سے پوری خبر نہیں لا سکتی تھی، لیکن نیوٹرینو وہاں سے نکل آئے، کروڑوں نوری سال کا سفر کیا اور زمین تک پہنچ گئے۔ گویا جس مقام کو روشنی پوری طرح نہیں دکھا پا رہی تھی، وہاں کی خبر ایک انتہائی باریک ذرہ لے آیا۔ 2023ء میں سائنس دانوں نے نیوٹرینو کی مدد سے ہماری اپنی کہکشاں Milky Way کا نقشہ تیار کیا۔ انسان اس سے پہلے اپنی کہکشاں کو روشنی، ریڈیو لہروں، ایکس ریز اور دوسری شعاعوں کے ذریعے دیکھتا آیا تھا۔ اب اسے ایک بالکل مختلف ذریعے سے دیکھنے کا موقع مل گیا۔ یہی ہالزن کے منصوبے کی سب سے بڑی سائنسی کامیابی ہے۔ اس نے صرف چند نیوٹرینو کا سراغ نہیں لگایا بلکہ انسان کو کائنات کو دیکھنے کا ایک نیا طریقہ دے دیا۔ اب سائنس دان ان ذرات کے ذریعے بلیک ہولز کے آس پاس ہونے والے طاقتور واقعات، دور دراز کہکشاؤں اور کائنات میں غیر معمولی توانائی پیدا کرنے والے مقامات کو نئے انداز سے سمجھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ یہ کامیابی کسی ایک سائنسدان یا ایک تجربے کی نہیں تھی۔ ہالزن کے خیال کو حقیقت بنانے کے لئے دنیا کے مختلف ملکوں کے سائنس دانوں، انجینئروں اور تکنیکی ماہرین نے برسوں کام کیا۔ تجربات ناکام بھی ہوئے، مالی وسائل کا انتظام بھی کرنا پڑا، نئی ٹیکنالوجی بھی بنانا پڑی اور قطب جنوبی کے انتہائی سخت موسم کا مقابلہ بھی کرنا پڑا۔

بقیہ جات

بقیہ 1

اسمبلی میں پیش کردی گئی۔ آڈٹ رپورٹ میں 37 ارب روپے سے زائد کی بے ضابطگیوں کی نشاندہی کی گئی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ صوبے میں 11 ارب 88 کروڑ 36 لاکھ روپے کے بے قاعدہ اخراجات کئے گئے۔ آڈٹ رپورٹ کے مطابق ایک ارب 48 کروڑ 92 لاکھ روپے کی اضافی ادائیگیاں ہوئیں، مجموعی طور پر 21 ارب 48 کروڑ 92 لاکھ روپے کی وصولیوں کی نشاندہی کی گئی جب کہ 25-2024 کے دوران 5 کروڑ 52 لاکھ روپے کے مشکوک اخراجات کی بھی نشاندہی کی گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہیکہ حکومت کو ہونے والے 39 کروڑ 11 لاکھ کے نقصانات بھی رپورٹ کا حصہ ہیں، پی ایس ڈی پی میں فنڈز کی تقسیم میں متعدد بے قاعدگیوں کی نشاندہی کی گئی، 25-2024 کے دوران 198 ترقیاتی اسکیمیں ترک یا نامکمل چھوڑ دی گئیں، ان ترقیاتی اسکیموں کی مجموعی لاگت 17 ارب 2 کروڑ روپے تھی۔ بلوچستان اسمبلی میں پیش کردہ آڈٹ رپورٹ پبلک اکائنٹس کمیٹی کیسپرد کردی گئی ہے، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی آڈٹ رپورٹ میں درج آڈٹ پیراز کی تحقیقات کریگی۔

بقیہ 2

لیلئے خطرہ ہیں۔ ان کے مطابق پاکستان نے 11 اکتوبر کو آر فور ممالک، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کے ساتھ مل کر ریاض ایئرپورٹ سمیت سعودی عرب پر ہونے والے حملوں کی مذمت کی تھی۔ ان کا کہنا تھا چاروں ممالک نے سعودی عرب کے ساتھ یکجہتی اور مملکت کا اپنی سرزمین اور شہریوں کے دفاع کے جائز حق کی حمایت جاری رکھنے کا اعادہ کیا۔ ترجمان کا یہ بھی کہنا تھا کہ چاروں ممالک نے ان حملوں کو فوری اور غیر مشروط طور پر بند کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کا کہنا تھا کہ شہریوں اور بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنانا ناقابل قبول ہے۔ پاکستان حملوں میں جاں بحق ہونے والے افراد کے اہل خانہ سے تعزیت کرتا ہے اور متاثرہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کا شریک ہے۔ سجاد حیدر خان نے کہا کہ پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سلامتی اور سیکیورٹی کے تحفظ کے لیے اس کے ساتھ کھڑا ہے۔

بقیہ 3

بہنوں نے بیانات دیئے کہ گورنر ہاؤس پر چڑھائی کردو، صورتحال کو کنٹرول کرنے کیلئے نظربندی مجبوری تھی۔ وزیراعظم کے مشیر نے کہا کہ سب کے علم میں ہے کہ پی ٹی آئی کا سوشل میڈیا مافیا کس قسم کی گفتگو کرتا رہا ہے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ اگر وہ آئینی وقانون کردار ادا کرنے پر رضامند ہوجاتے تو عبوری نظام کی ضرورت ہی نہیں تھی، ابھی بھی پی ٹی آئی اپنا آئینی وقانونی کردار نبھائے تو سوچا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کا فوری طور پر قلع قمع نہ کیا گیا، دہشتگردی کیخلاف قوم متحدہ نہ ہوئی، صوبائی اور مرکزی حکومت کی ایک پالیسی نہ ہوئی تو ملک کے وجود کو خطرہ ہے۔ بھارت اب پاکستان کے ساتھ روایتی جنگ نہیں لڑسکتا، بھارت نے اپنے ٹھکانے افغانستان میں جما لئے اور پیسے دے کر دہشتگردی کروا رہا ہے جبکہ پورا خطہ پاکستان کو سیکیورٹی پرووائیڈر کے طور پر دیکھ رہا ہے۔ ہمیں خود افسوس ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو نظربند کرنا پڑا، سب کو معلوم ہے کہ وہ لانگ مارچ سے متعلق کیا گفتگو کیا کرتی تھیں، عمران خان کی بہنوں نے بیانات دیئے کہ گورنر ہاؤس پر چڑھائی کردو، صورتحال کو کنٹرول کرنے کیلئے نظربندی مجبوری تھی۔ وزیراعظم کے مشیر نے کہا کہ سب کے علم میں ہے کہ پی ٹی آئی کا سوشل میڈیا مافیا کس قسم کی گفتگو کرتا رہا ہے۔

بقیہ 4

کیا۔ قرارداد اپوزیشن رکن اسمبلی سید ظفر آغا نے ایوان میں پیش کی، جس کا متن پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ضلع پشین میں زیر زمین پانی کی سطح روز بروز خطرناک حد تک مسلسل گر رہی ہے۔ پانی کی شدید قلت کے باعث پشین میں انار، سیب، انگور اور دیگر قیمتی پھلوں کے باغات بری طرح متاثر ہو رہے ہیں، جس سے مقامی زمینداروں کو کروڑوں روپے کا معاشی نقصان برداشت کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ موجودہ ڈیموں کی فوری مرمت وصفائی کی جائے، نئے ڈیمز اور چھوٹے آبی ذخائر کی تعمیر ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنائی جائے تاکہ زمینداروں کے احتجاج اور معاشی تباہی کا تدارک ممکن ہوسکے

بقیہ 5

حمایت اور تعاون کا یقین دلایا۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا حالیہ برسوں میں پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات میں نمایاں پیشرفت ہوئی ہے، مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید گہرا، وسیع کرنے کے لئے موجودہ ادارہ جاتی مکینزم کو مزید مستحکم کرنے کے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے سعودی عرب کے خلاف حوثی حملوں میں حالیہ اضافے کی شدید مذمت کی، جن کے نتیجے میں قیمتی جانیں ضائع ہوئیں اور پاکستانی شہریوں سمیت متعدد افراد زخمی ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور سعودی عرب ہمیشہ ایک دوسرے کے شانہ بشانہ کھڑے رہے ہیں، اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدہ اور مکہ مشترکہ دفاعی اتحاد دونوں ممالک کے دیرینہ برادرانہ تعلقات میں تاریخی سنگِ میل کی حیثیت رکھتے ہیں، یہ دونوں معاہدے علاقائی امن وسلامتی کے لئے ہمارے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتے ہیں۔ انہوں نے ایک بار پھر یہ عزم دہرایا کہ پاکستان، مملکتِ سعودی عرب کی خودمختاری، سلامتی اور علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لئے ثابت قدمی سے ساتھ کھڑا ہے۔ انہوں نے پاکستان کو طویل مدتی اقتصادی اور مالی معاونت کی فراہمی پر سعودی قیادت کا شکریہ بھی ادا کیا۔

بقیہ 6

ی امور شاہد رند اور ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ نے کوئٹہ میں پریس کانفرنس میں بتایا کہ بلوچستان کے پہاڑوں پر موجود نوجوانوں کو ورغلایا گیا، ان ورغلائے لوگوں کو ریاست واپسی پر خوش آمدید کہتی ہے، بلوچستان کے نوجوان ریاست کے ساتھ جڑ جائیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں آخری دہشت گرد کی موجودگی تک دہشت گردی کے خلاف مشن جاری رہے گا، وزیرِ اعلی بلوچستان کا اس حوالے سے واضح وژن اور موقف ہے۔ اس موقع پر ایڈیشنل چیف سیکریٹری داخلہ نے بتایا کہ 6 دہشت گرد گرفتار کیے جا چکے ہیں، ریاست لوگوں کو سرینڈر کرنے کا موقع دے رہی ہے۔ علاوہ ازیں ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ عمران شوکت نے کہا کہ بلوچستان میں 300 سے زائد آئی بی اوز کیے گئے ہیں، دہشت گرد آئے روز نت نئے طریقوں سے حملہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں، سی ٹی ڈی اور دیگر اداروں کے ساتھ مل کر آپریشنز کو کامیاب بنایا۔

بقیہ 7

اپنے طور پر آئندہ کا لائحہ عمل اختیار کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی محمد خان نے کہا کہ اگر جون میں شہباز شریف کی دعوت پر محمود خان اچکزئی مذاکرات کی میز پر بیٹھ جاتے تو ممکن تھا کہ معاملات آگے بڑھتے اور عمران خان اور ان کی اہلیہ کو اڈیالہ جیل میں شدید گرمی کا سامنا نہ کرنا پڑتا۔ انہوں نے کہا کہ وہ پارلیمانی پارٹی اور قومی اسمبلی کے فلور پر بھی متعدد مرتبہ مذاکرات میں بیٹھنے کی اپیل کر چکے ہیں۔ علی محمد خان کا کہنا تھا کہ وہ اب بھی غیر مشروط طور پر اور نیک نیتی کے ساتھ مذاکرات شروع کرنے کے حامی ہیں۔ ان کے مطابق وزیراعظم کی طرف سے آنے والی دعوت کو کسی فرد کی نہیں بلکہ پاکستان کے وزیراعظم کی دعوت سمجھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن لیڈر کو یہ دعوت تحریک انصاف کی وجہ سے دی گئی ہے،

بقیہ 8

ہے جس سے عوامی مینڈیٹ سے منتخب ملک کی واحد حکومت کا خاتمہ کیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کہ 2024 کے انتخابات میں بندوق اور پیسے کے زور پر اقتدار پر قبضہ کیا گیا اور پاکستان تحریک انصاف کو انتخابی نشان سے محروم کرنے سمیت اسے اقتدار سے دور رکھنےکیلئے مختلف حربے استعمال کئےگئے۔ اس کے باوجود پی ٹی آئی نے 97 سے زائد نشستیں جیت چکی تھی۔

بقیہ 9

کو نامزد کیا گیا تھا۔ ان کے مطابق اہل خانہ کی جانب سے عدالت میں راضی نامہ پیش کیے جانے کے بعد دو گرفتار افراد رہا ہوئے، جبکہ مقدمے میں نامزد دیگر دو ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ روایات کو پامال کرنے اور خواتین پر ظلم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔ اسماجنگ ہو یا کوئی اور، تمام خواتین ہماری بیٹیاں اور بہنیں ہیں۔ حکومت مظلوم کے ساتھ کھڑی ہے اور اسماجنگ کے ساتھ پیش آنے والے واقعے پر انہیں بھی دکھ ہے۔ وزیرداخلہ کے مطابق اسماجنگ کیس میں نامزد ملزمان کی گرفتاری کے لیے بھی کارروائیاں جاری ہیں، جبکہ مرکزی ملزم کی گرفتاری کے لیے کراچی سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جرم کرنے والا شخص گرفتاری سے بچنے کے لیے چھپنے کی کوشش کرتا ہے، تاہم حکومت بلوچستان کے عوام کو یقین دلاتی ہے کہ خواتین کے خلاف سنگین جرائم میں ملوث افراد کو قانون سے بچنے نہیں دیا جائے گا اور دونوں کیسز میں ملزمان کو گرفتار کرنے کی کوششیں جاری رہیں گی۔

بقیہ 10

ہے۔ دوسری جانب صوبائی حکومت نے تاحال نہ واقعے کی باضابطہ تصدیق کی ہے اور نہ ہی کوئی بیان جاری کیا ہے۔ پولیس افسر کے مطابق جمعرات کو اسداللہ کاکڑ اپنے ڈرائیور اور کیشئر کے ہمراہ ذاتی گاڑی میں سکیورٹی سکواڈ کے بغیر کوئٹہ سے خاران جا رہے تھے۔ خاران سے قریباً 35 سے 40 کلومیٹر پہلے پولیس تھانہ پتکن کی حدود میں برشونکی کے مقام پر مسلح افراد نے اسلحے کے زور پر ان کی گاڑی روک لی۔' پولیس افسر نے بتایا کہ مسلح افراد نے تینوں افراد کو یرغمال بنایا، تاہم بعد میں کیشئر حاجی قاسم کو چھوڑ دیا جبکہ کمشنر اور ڈرائیور کو اغوا کر کے گاڑی سمیت پہاڑوں کی جانب لے گئے۔

بقیہ 11

کے کانسٹیبل جان محمد نے دلیری کا مظاہرہ کرتے ہوئے انہیں موقع پر گرفتار کرنے کی کوشش کی۔ اس دوران ملزمان نے فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں پولیس اہلکار زخمی ہوگیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس کی اضافی نفری اور ایف سی دالبندین کی ٹیمیں فورا موقع پر پہنچ گئیں اور فرار ہونے والے ملزمان کا تعاقب شروع کر دیا۔ تعاقب کے دوران ڈنو پھاٹک کے نزدیک ملزمان اور سیکورٹی فورسز کے درمیان فائرنگ کا شدید تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں دونوں مبینہ ڈاکو ہلاک ہو گئے۔ ہلاک ملزمان کی فوری طور پر شناخت نہیں ہوسکی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق زخمی ٹریفک کانسٹیبل جان محمد کو فوری طبی امداد کے لیے ڈی ایچ کیو اسپتال دالبندین منتقل کر دیا گیا ہے، جہاں ان کی حالت مستحکم بتائی جاتی ہے۔ پولیس نے واقعے کی مزید تفتیش شروع کردی ہے۔

بقیہ 12

کا قیام ناگزیر ہے۔ بلدیاتی ادارے عام شہریوں کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ قرارداد کے متن میں صوبائی حکومت سے پرزور مطالبہ کیا گیا ہے کہ بلدیاتی اداروں کو بااختیار بنانے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کیے جائیں، جبکہ انہیں مکمل مالی اور انتظامی خودمختاری فراہم کی جائے۔ اس کے علاوہ بلدیاتی نمائندوں کی تربیت اور استعداد کار بڑھانے کے لیے خصوصی پروگرامز شروع کیے جائیں اور بلدیاتی فنڈز کی بروقت فراہمی اور ضلع و یونین کونسل کی سطح پر منصفانہ تقسیم کو یقینی بنایا جائے۔ ایوان میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے مولانا ہدایت الرحمٰن نے کہا کہ عوامی مسائل کے فوری حل کے لیے بلدیاتی اداروں کو مؤثر اور مستحکم بنانا ضروری ہے، جبکہ بلدیاتی انتخابات کا بروقت انعقاد اور شفافیت جمہوری نظام کے استحکام کے لیے لازمی جزو ہے۔ انہوں نے ایوان کو آگاہ کیا کہ گوادر میں بلدیاتی نظام کو جدید ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کر دیا گیا ہے تاکہ عوامی خدمات کی فراہمی کو مزید شفاف اور تیزتر بنایا جاسکے۔

بقیہ 13

تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ تمام تر تجزیے اور مشاورت کے بعد فیصلہ کیا گیا کہ محکمہ خوراک ہر ہفتے آٹے کا سرکاری نرخنامہ جاری کرے گا، جس پر ہر صورت عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی نے واضح کیا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ آٹے کی قیمتوں میں خودساختہ اضافہ اور ناجائز منافع خوری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ ہفتہ وار جاری ہونے والے سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کی مسلسل نگرانی کی جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ شہریوں کو مقررہ سرکاری نرخوں پر آٹے کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ 14

برائے محکمہ ترقی نسواں بلوچستان میں غذائی قلت کے خاتمے کے لیے حکومتی اداروں، سول سوسائٹی اور متعلقہ شراکت داروں کو مشترکہ کوششیں کرنا ہوں گی، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی عالمی یوم خوراک 2026 کا عنوان ''آج جدت، کل غذائیت'' جدید، مؤثر اور پائیدار غذائی وزرعی نظام کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے، مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں موسمیاتی تبدیلی، پانی کی قلت اور غذائی عدم تحفظ جیسے چیلنجز سے نمٹنے کے لیے پائیدار زرعی طریقوں کا فروغ ضروری ہے، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی خوراک کا ضیاع روکنا اور دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں استعمال کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے، مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں غذائی تحفظ کے فروغ کے لیے خواتین کو آگاہی، سہولیات اور وسائل تک بہتر رسائی فراہم کرنا ضروری ہے، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی بچوں کی جسمانی اور ذہنی نشوونما کے لیے متوازن غذا کی فراہمی اور غذائی قلت کی بروقت روک تھام ناگزیر ہے، مشیر برائے محکمہ ترقی نسواں مخیّر حضرات اور صاحبِ استطاعت افراد اپنے اردگرد موجود ضرورت مند خاندانوں کی خوراک کا خیال رکھیں اور بھوک کے خاتمے میں اپنا کردار ادا کریں، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کی اپیلہم ایک ایسے معاشرے کے قیام کے لیے پُرعزم ہیں جہاں خواتین، بچوں اور ہر ضرورت مند فرد کو مناسب اور غذائیت سے بھرپور خوراک میسر ہو، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی۔

بقیہ 15

بخش وارڈ میں سیوریج لائنوں کی تنصیب کے لیے مجوزہ مقامات کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف مقامات کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام سے منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی معلومات حاصل کیں۔ سیوریج لائنوں کی تنصیب کے ان منصوبوں پر بہت جلد کام شروع کیا جائے گا، جس کی تکمیل سے متعلقہ علاقوں میں نکاسی آب کے دیرینہ مسائل حل کرنے اور شہری ماحول کو بہتر بنانے میں مدد ملنے کی توقع ہے۔ منصوبوں کا مقصد شہریوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ اور نکاسی آب کے نظام کو مؤثر بنانا ہے۔ اس موقع پر وائس چیئرمین سیف اللہ ہوت نے منصوبوں پر جلد عملی پیش رفت یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ معائنے کے دوران لوکل گورنمنٹ کے سرویئر سلطان، انوائرمنٹ اے ڈی جی ڈی اے یحییٰ واڈیلہ اور کونسلر حاجی جاوید بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔

بقیہ 16

گے۔ ایوان میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے صوبائی وزیر میر علی مدد جتک نے کہا کہ اسماجنگ کے والد اور ان کے رشتہ داروں کا انتہائی بے دردی سے قتل کیا گیا، جبکہ اسماجنگ کے ساتھ پیش آنے والے ظلم اور ناانصافی پر آج پورا بلوچستان شرمندہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ظلم کے خلاف سچ بولنا اور حق کی آواز اٹھانا ہمارے لیے جرم بنا دیا جاتا ہے، لیکن ہم کسی ظالم سردار یا نواب کے خوف سے پیچھے نہیں ہٹیں گے۔ میر علی مدد جتک نے صریح الفاظ میں کہا کہ صوبے کے ظالم نواب اور سردار عوام کے خیرخواہ نہیں ہیں، ان لوگوں نے اپنی نجی جیلیں قائم کر رکھی ہیں جہاں مظلوموں پر تشدد کیا جاتا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ حکومت اور عوام ہمیشہ صوبے کے مظلوم طبقات کے ساتھ کھڑے رہیں گے اور ظالم عناصر کو ان کے کیے کی سزا دلوانے کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 17

ایوان میں پیش کیا گیا۔ نوٹس پیش کرتے ہوئے مولانا ہدایت الرحمٰن نے صوبے کے انتظامی ڈھانچے اور افسرشاہی کے رویے پر شدید تحفظات کا اظہار کیا۔ انہوں نے ایوان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت واضح کرے کہ عوام کو درپیش مسائل کے حل کے لیے عملی طور پر کیا اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مثال دی کہ گوادر کے ایک پرائمری اسکول کو مڈل کا درجہ دینے جیسے بنیادی کام میں بھی پانچ سال سے زائد کا عرصہ لگ جاتا ہے، جو انتظامی سست روی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری دفاتر کا نظام اس قدر ابتر ہو چکا ہے کہ وہاں عام عوام کے ساتھ ساتھ منتخب اراکینِ اسمبلی (ایم پی ایز) کو بھی شدید خواری کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سرکاری دفاتر کی کارکردگی اور عوامی رویوں کے حوالے سے باقاعدہ سروے کرایا جائے۔ توجہ دلا نوٹس کے جواب میں وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ایوان میں موقف اپنایا کہ انہوں نے توجہ دلا نوٹس سن لیا ہے، جس کے بعد اسپیکر نے کارروائی کے تحت اسے نمٹا دیا۔

بقیہ 18

ڈاکٹر بننا تھا مگر انہوں نے بلوچستان پولیس کا حصہ بن کر خدمتِ انسانیت کا راستہ چنا۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ خواتین کو تحفظ فراہم کرنا اور انہیں درپیش تمام مشکلات کے حل میں کردار ادا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین بھی پولیس کا حصہ بن کر معاشرے میں بہتری لانے کے لیے اپنا کردار ادا کرسکتی ہیں۔

بقیہ 19

کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری کا کہنا تھا وزیراعظم نے اپوزیشن کو مذاکرات کی دعوت دی ہے، وزیراعظم نے خود اپوزیشن لیڈر سے کہا کہ بیٹھیں بات کریں، بامقصد مذاکرات کیلئے حکومت کے دروازے کھلے ہیں، اپوزیشن بامقصد بات چیت کرنا چاہتی ہے تو انہیں خوش آمدید کہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے آئینی تقاضوں کی تکمیل ہوچکی ہے، خیبر پختونخوا میں اب تیسرا مرحلہ شروع ہو چکا جس کیلئے ایمرجنسی لگائی گئی تھی۔ وفاقی وزیر کا کہنا ہے کہ خیبر پختونخوا سے دہشتگردی کا مکمل خاتمہ اور دائمی امن کا قیام مقصد ہے، دہشتگردی سے متاثرہ 12 اضلاع کو دہشتگردوں سے کلیئر کیا جائے گا، دہشتگردی پر کنٹرول کے بعد صوبے کا نظم ونسق صوبائی حکومت کے حوالے کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ صوبے کے لوگوں کی محرومیوں کو دور کرنا اور ترقیاتی کام کرنیکا روڈ میپ ہے، گورنر کے پی صوبائی حکومت کے اختیارات کا مکمل کنٹرول لے چکے ہیں، خیبر پختونخوا میں کسی قسم کی کوئی سیاسی مداخلت نظر نہیں آئے گی۔ طارق فضل چوہدری نے کہا کہ وفاقی حکومت کی اولین ترجیح دہشتگردی کا خاتمہ، امن کا قیام اور ترقی ہے، خیبر پختونخوا میں ایسے علاقے ہیں جہاں دہشتگردوں کی محفوظ پناہ گاہیں ہیں۔ گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی کے حوالے سے خبروں پر وفاقی وزیر نے کہا ہے کہ فیصل کریم کنڈی پرانے پارلیمنٹرین اور منجھے ہوئے سیاستدان ہیں۔ انہوں نے حکومت کا کنٹرول سنبھالتے ہی اپیکس کمیٹی کا اجلاس بلایا، ان کی تبدیلی کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں ہے۔

بقیہ 20

یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس میں صحت کی سہولیات کی نگرانی بہتر بنانے اور عوام کو بروقت طبی سہولیات فراہم کرنے کے حوالے سے مختلف امور کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 21

انٹرویو میں شریک ہوں گے۔ بھرتی کے عمل کی نگرانی کرنے والی ریکروٹمنٹ کمیٹی میں اے آئی جی ڈویلپمنٹ احمد سلطان، ایس پی زیارت عبدالمالک درانی اور لیفٹیننٹ کرنل ایف سی شامل ہیں، جو بھرتی کے مختلف مراحل کی نگرانی کر رہے ہیں۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق بھرتی کا عمل مقررہ معیار اور ضابطہ کار کے تحت جاری ہے تاکہ تمام مراحل شفاف انداز میں مکمل کیے جاسکیں۔

بقیہ 22

آئینی عدالت میں لے بھی جا سکیں گے۔ گورنر راج، ایمرجنسی کی بنیاد ہی نہیں، ریلیف ملنا چاہیے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ پشاور ہائیکورٹ پہلے معاملہ دیکھے، لارجر بینچ بنا کر سماعت کی جائے، گورنر راج اور ایمرجنسی کی بنیاد ہی نہیں، ہمیں عدالت سے ریلیف ملنا چاہیے۔

بقیہ 23

سمیت دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مکمل طور پر ناکام رہے تو آئندہ کس منہ سے ان کے پاس ووٹ مانگنے جائیں گے؟ انہوں نے حکومت اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ شہر میں پانی کے بحران کے فوری اور پائیدار حل کے لیے ترجیحی بنیادوں پر عملی اقدامات کیے جائیں اور ٹینکر مافیا کا بلا تاخیر قلع قمع کیا جائے۔

بقیہ 24

مبذول کرواتے ہوئے اسپیکر سے ہاسٹل کے سرپرائز دورے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایوان میں نقطہ اعتراض پر بات کرتے ہوئے رکن اسمبلی اشوک کمار نے انکشاف کیا کہ ایم پی اے ہاسٹل میں منتخب اراکینِ اسمبلی کے بجائے دیگر غیر متعلقہ افراد کمروں پر قابض اور مقیم ہیں۔ انہوں نے مزید نشاندہی کی کہ ہاسٹل کے احاطے میں غیر قانونی اور نان کسٹم پیڈ (NCP) گاڑیاں بھی کھڑی کی جاتی ہیں، جو ہاسٹل کی انتظامیہ اور سیکورٹی پر بڑا سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے اسپیکر بلوچستان اسمبلی سے استدعا کی کہ وہ ایم پی اے ہاسٹل کا سرپرائز دورہ کرکے صورتحال کا خود جائزہ لیں اور غیر قانونی قیام اور گاڑیوں کے خلاف سخت اقدامات کرنے کی ہدایت جاری کریں۔

بقیہ 25

انتخابی نتائج کے حوالے سے شکوک وشبہات موجود ہوں تو ان کا شفاف اور تسلی بخش جواب دینا متعلقہ اداروں کی ذمہ داری ہے۔ سید صادق آغا نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف عوامی مینڈیٹ کے تحفظ، آئین کی بالادستی اور جمہوری اقدار کی مضبوطی کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ انتخابات 2024 سے متعلق تمام تحفظات دور کیے جائیں اور عوام کو حقائق سے آگاہ کیا جائے تاکہ انتخابی عمل پر اعتماد بحال ہو سکے۔ انہوں نیکہا کہ ملک میں سیاسی استحکام اور جمہوری نظام کی مضبوطی کے لیے ضروری ہے کہ عوام کے ووٹ کی حرمت کو یقینی بنایا جائے، سیاسی اختلافات کو جمہوری انداز میں حل کیا جائے اور تمام فیصلے آئین وقانون کے مطابق کیے جائیں۔ ان کے مطابق عوامی اعتماد کی بحالی کے بغیر سیاسی استحکام کا حصول مشکل ہوگا۔

بقیہ 26

ہیں تو حکمران اس کی ادائیگی کرنے جا رہے ہیں۔ مولانا فضل الرحمان نے خبردار کیا کہ اب انہیں ایسی سیاست قبول نہیں اور چین اور روس کو بھی ان اقدامات پر تحفظات ہیں۔ انہوں نے خطے میں بیرونی عناصر کو لانے پر بھی تنقید کی اور کہا کہ ملکی وسائل اور قومی مفادات پر کوئی سمجھوتہ قبول نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 27

کا تحفظ حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے، لہٰذا اسکولوں کی عمارتوں کی حالت کو نظرانداز کرنا کسی صورت مناسب نہیں۔ سیف الرحمٰن تارن نے حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ صوبے بھر کے تمام سرکاری اور نجی سکولوں کی عمارتوں کا فوری معائنہ کرانے کے لیے خصوصی ٹیمیں تشکیل دی جائیں۔ ان ٹیموں کے ذریعے عمارتوں کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا جائے، خستہ حال اور خطرناک عمارتوں کی نشاندہی کی جائے اور ان کی مرمت وبحالی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جن سکولوں کی عمارتیں بچوں اور اساتذہ کے لیے خطرناک قرار دی جائیں، وہاں ضروری حفاظتی انتظامات مکمل ہونے تک طلبہ اور عملے کی حفاظت کو اولین ترجیح دی جائے۔ حکومت کو چاہیے کہ کسی بھی ممکنہ حادثے سے قبل مؤثر اقدامات کرے تاکہ قیمتی انسانی جانوں کو محفوظ بنایا جاسکے اور والدین اپنے بچوں کو بلاخوف وخطر تعلیمی اداروں میں بھیج سکیں۔

بقیہ 28

ریکارڈ موجود ہے نیب میں تعیناتی غلط تھی۔ اس پر جسٹس حسن رضوی نے کہا کہ جب سپریم کورٹ نے حکم دیا تو اس وقت چیک کرتے۔ پراسیکیوٹر نیب نے کہا کہ سپریم کورٹ کے حکم پر شہزاد سلیم کی پروموشنز چیک کی گئیں۔ جسٹس حسن رضوی نے کہا کہ پروموشن کیساتھ نیب کا کام تھا تعیناتی پراسس بھی چیک کرتا۔

بقیہ 29

ہے، جبکہ 52 افراد زخمی ہوئے۔ مقدمے کے متن میں سکول کی عمارت میں ناقص تعمیراتی میٹریل کے استعمال اور عمارت کے بوسیدہ وغیر موزوں ہونے کا ذکر کیا گیا ہے۔ ایف آئی آر کے مطابق سکول کی دیواروں اور چھتوں کی خستہ حالی سے متعلق پہلے بھی شکایات کی گئی تھیں، تاہم بچوں کی جانب سے شکایات کے باوجود سکول انتظامیہ اور مالکان نے مبینہ طور پر کوئی شنوائی نہیں کی۔ ایف آئی آر کے مطابق سکول کی دوسری منزل پر واقع نرسری کلاس اور گراؤنڈ فلور کے کمروں کی چھتیں گریں، جس کے نتیجے میں جانی و مالی نقصان ہوا۔ مقدمے کے متن میں بتایا گیا ہے کہ سکول کی اراضی 16 مرلے پر مشتمل ہے، جو وحید اور جاوید کی ملکیت ہے، مذکورہ اراضی 2024 میں لیز پر حاصل کرنے کے بعد اس پر سکول کی عمارت تعمیر کی گئی تھی۔ پولیس کے مطابق سکول کی عمارت تعمیر کرنے والے ٹھیکیدار سمیت مالکان اور شیئر ہولڈرز کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

بقیہ 30

روڈ کوئٹہ میں منعقدہ پہلی بلوچستان فوڈ ایکزیبیشن 2026 کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی وزیر نے فیتہ کاٹ کر دو روزہ نمائش کا افتتاح کیا اور مختلف زرعی مصنوعات کے اسٹالز کا دورہ بھی کیا۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ بلوچستان کا بیشتر حصہ خشک اور کم بارشوں والے خطے پر مشتمل ہے، تاہم صوبے کے متعدد علاقے اپنی زرعی پیداوار کے باعث فوڈ باسکٹ کے طور پر پہچانے جاتے ہیں۔ زراعت کے شعبے میں مزید پیش رفت کے لیے پانی کے وسائل کا موثر استعمال، آبی ذخائر کی تعمیر اور جدید زرعی طریقوں کو اپنانا ناگزیر ہے۔

بقیہ 31

مسلسل شکایات اطلاعات موصول ہورہی ہیں ان جعلی صحافیوں اور گروہوں سے پریس کلب اور بی یو جے کا کوئی تعلق نہیں اس سلسلے میں شہری، حکومت، سرکاری محکمے، نجی ادارے اور دیگر اہم شخصیات احتیاط برتیں خود کو صحافی کہلوانے والوں کے صحافتی ادارے سے تعلق، بی یو جے یا کوئٹہ پریس کلب سے وابستگی کی ضرور تصدیق کریں تعلق ثابت نہ ہونے پر ایسے عناصر کے خلاف کارروائی کی جائیں بی یو جے اور کوئٹہ پریس کلب اس سلسلے میں ہر قسم کے تعاون کیلئے پرعزم ہیں۔

بقیہ 32

طرف دھکیل رہے ہیں۔ وزیراعلی بلوچستان نے اسمائے جنگ کیس کا حوالہ دیتے ہوئے ایوان کو بتایا کہ وہ متاثرہ فیملی کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں۔ تعلیمی اداروں کے حوالے سے بات کرتے ہوئے وزیراعلی میر سرفراز بگٹی نے صوبے کے تمام سرکاری ونجی اسکولوں کی عمارتوں کا فوری جائزہ لینے کے احکامات جاری کردیے ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ تمام تعلیمی اداروں کی عمارتوں کا باقاعدہ سیکیورٹی اور ڈھانچہ جاتی آڈٹ کرایا جائے گا۔ اس موقع پر انہوں نے جمعیت علمائے اسلام کے اراکین کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر ان کی اجازت ہوتو مدارس کی عمارتوں کی سیکیورٹی کا بھی جائزہ لیا جاسکتا ہے۔

بقیہ 33

ہورہا ہے۔ بعدازاں، ٹھیکیداروں نے منصور بھنگر کی قیادت میں صحبت پور کے مین روڈ پر احتجاجی کیمپ قائم کر کے دھرنا دے دیا۔ انہوں نے اعلی حکام اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ ایکسین پبلک ہیلتھ کے اس ناروا رویے کا فوری نوٹس لیا جائے اور ٹینڈرنگ کا عمل شفاف اور باقاعدہ طریقے سے مکمل کرایا جائے۔

بقیہ 34

کے مواصلاتی رابطوں میں خلل ڈالنا اور برقی مقناطیسی اسپیکٹرم پر برتری حاصل کرنا فوجی کارروائیوں کے نتائج پر اثرانداز ہوسکتا ہے۔ امریکی میڈیا کے مطابق ایران نے جنگ کے دوران اس امریکی نظام کو نشانہ بنانے کی کوشش بھی کی۔ تاہم رپورٹ میں اس کوشش کی نوعیت، نظام کو پہنچنے والے ممکنہ نقصان اور ایران یا وینزویلا میں اس کے استعمال سے متعلق مزید تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں۔ جدید جنگوں میں برقی مقناطیسی اسپیکٹرم کی اہمیت مسلسل بڑھ رہی ہے۔ اس شعبے میں برتری حاصل کرنے سے فوجی مواصلات، سیٹلائٹ نیٹ ورکس اور دیگر الیکٹرانک نظاموں کے استعمال اور تحفظ پر اثر پڑسکتا ہے۔

بقیہ 35

شاہدین کے مطابق واقعے کے فورا بعد پولیس نے حرکت میں آتے ہوئے ملزم کا تعاقب شروع کر دیا ہے، تاہم خبر لکھے جانے تک ملزم کی گرفتاری عمل میں نہیں آ سکی تھی۔ اس ناخوشگوار واقعے کی وجہ سے علاقے میں خوف وہراس پایا جاتا ہے، جبکہ شہریوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ پبلک مقامات پر اسلحہ کی نمائش اور فائرنگ کرنے والے عناصر کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے۔

بقیہ 36

قریب موجود ایک شخص نے فائرنگ کر کے ہلاک کردیا۔ امریکی حکام کے مطابق واقعے کی مزید تحقیقات کی جارہی ہیں۔

بقیہ 37

مسائل اجاگر کرنے کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا انہوں نے بلوچستان یونین آف جرنلسٹس پر تنقید کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ تنظیم سرکاری اداروں کے زیر اثر ہوچکی ہے اور عوامی مسائل کے حوالے سے اس کا کردار قابلِ سوال ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ صحافتی تنظیموں کی اصل ذمہ داری ورکنگ صحافیوں کے حقوق کا تحفظ، آزادی صحافت کا دفاع اور عوامی مسائل کی مؤثر انداز میں نشاندہی کرنا ہے میر اللہ داد رند نے مزید کہا کہ صحافت محض کسی تنظیم کی رکنیت یا سرٹیفکیٹ تک محدود نہیں، بلکہ یہ ایک ذمہ دارانہ پیشہ ہے جس میں حقائق کی تصدیق، غیر جانب داری، دیانت داری اور عوامی مفاد کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ جدید دور میں سوشل میڈیا اور ڈیجیٹل ذرائع نے عام شہریوں کو بھی اپنے علاقوں کے مسائل حکام تک پہنچانے کا موقع فراہم کیا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میڈیا فورم صحافیوں کے حقوق کے تحفظ اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا صحافتی تنظیموں کو چاہیے کہ وہ ذاتی اختلافات سے بالاتر ہوکر ورکنگ صحافیوں کی فلاح و بہبود، آزادی اظہار اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کوششیں کریں۔

بقیہ 38

ڈپٹی ہائی کمشنر بھی رہ چکے ہیں، انہوں نے 2002 سے 2006 تک نیویارک میں اقوام متحدہ کے لیے پاکستان کے مستقل مشن میں بھی خدمات انجام دیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب کا عہدہ عاصم افتخار احمد کے سیکرٹری خارجہ مقرر ہونے کے بعد خالی ہوا تھا۔ سید حیدر شاہ مارچ 2025 میں نیدرلینڈز میں پاکستان کے سفیر تعینات ہوئے تھے، جبکہ وہ نومبر 2020 سے اکتوبر 2022 تک نیپال میں پاکستان کے سفیر کی حیثیت سے بھی فرائض انجام دے چکے ہیں۔ سفارتی امور کا وسیع تجربہ رکھنے والے سید حیدر شاہ کی اقوام متحدہ میں بطور مستقل مندوب تعیناتی سے متعلق فیصلہ ذرائع نے رپورٹ کیا ہے، اس حوالے سے باضابطہ سرکاری اعلان سامنے آنے پر تقرری کی حتمی حیثیت واضح ہوگی۔

بقیہ 39

واحد رکن ایوان میں موجود تھے۔ دوران اجلاس، محسن عزیز نے کہا کہ یہاں تو سوال کرنے والے ہی نہیں ہیں۔ سینیٹر سعدیہ عباسی نے کہا کہ اسلام آباد میں آج اخبارات تقسیم نہیں ہوئے، سی ڈی اے نے ریڈ کیا اور وہ دفاتر سیل کردیے جہاں سے اخبارات کی ترسیل ہوتی تھی، یہ سنگین قدم ہے لہذا وزارت داخلہ سے جواب طلب کیا جائے۔ بعدازاں، اراکین کی عدم دلچسپی کے باعث سینیٹ اجلاس 19 اکتوبر بروز پیر شام 4 بجے تک ملتوی کردیا گیا۔

بقیہ 40

کے چھت پر سواریاں بیٹھانے والے ڈراہیورز کے خلاف فورا کاروائی کی جاے تاکہ حادثات کو روک تھام اور اور قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع نہ ہوانہوں نے ایم ایس سول ہسپتال مچھ کو ہدایت کی کہ ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضریاں اسی طرح یقینی بنائی جاہیں تاکہ کسی بھی ناگہانی آفت اور حادثے کے شکار زخمیوں کو بروقت طبعی امداد پہنچائی جاسکے اور علاج معالجہ ہی سہولت بہم پہنچائی جاے اس موقع پر اے سی مچھ سردار زادہ میر لیاقت علی جتوئی ڈاکٹر شاہد محمود پریس کلب مچھ کے صدر سرور تالپور سیکریٹری جنرل عمران سالانی گے اور غلام اللہ عبدالستار کھیازئی طالب حسین تالپور ودیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 41

کروڑ 18 لاکھ بچے سکول نہیں جا رہے جبکہ صوبے کے 70 فیصد سرکاری سکولوں میں واش رومز کی سہولیات موجود نہیں ہیں۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ پنجاب میں نویں جماعت کے 52 فیصد طلبا فیل ہو گئے، سندھ کے سکولوں کی حالت اس سے بھی بری ہے، صرف اشتہارات میں پنجاب کی ترقی دکھائی جاتی ہے، مریم نواز نے 11 ہزار سکول بیچ دیئے جبکہ 25 ہزار کا ہدف ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پاکستان میں حقیقی مسائل پر کوئی بھی سیاست نہیں کرتا، تعلیم اور مہنگائی پر کوئی جماعت بھی نہیں نکلتی، زراعت تباہ ہو رہی ہے، عوام پس رہے ہیں لیکن کسی کو فکر ہی نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہاں ان لوگوں سے بھی ٹیکس لیا جاتا ہے جن کی آمدن کچھ بھی نہیں ہوتی، یہ غریبوں اور مڈل کلاس طبقے کو لوٹ رہے ہیں، ملک میں مفت تعلیم تو چھوڑے، مہنگی تعلیم بھی معیاری نہیں ملتی۔

بقیہ 42

پائی جاتی ہے۔ اہلیانِ علاقہ نے الزام عائد کیا کہ پولیس کا عملہ اصل ذمہ داریوں سے غافل ہے، جس کے نتیجے میں شہریوں کے گھر اور جان ومال محفوظ نہیں رہے۔ انہوں نے آئی جی بلوچستان اور ڈی آئی جی نصیرآباد رینج سے مطالبہ کیا ہے کہ پولیس میں سفارش کلچر کے بجائے میرٹ پر مبنی اور اہل افسران متعین کیے جائیں، گشت کا نظام فعال بنایا جائے اور لوٹی گئی موٹر سائیکلوں سمیت دیگر سامان کی فوری برآمدگی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 43

سے فراڈ کرنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کردیا گیا ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ 4 ماہ کے دوران اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل راولپنڈی نے 668 مقدمات درج کرکے 70 ملزمان کو گرفتار اور 20 کروڑ 45 لاکھ روپے کی ریکوری کی۔ اسی عرصے میں اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل اسلام آباد نے 875 مقدمات درج کئے اور 120 ملزمان کو گرفتار کر کے 41 کروڑ 10 لاکھ 50 ہزار روپے برآمد کر لئے۔ دونوں سرکلز نے مجموعی طور پر 1543 مقدمات درج کیے، جن میں 190 ملزمان کو گرفتار کر کے شہریوں سے لوٹی گئی 61 کروڑ 55 لاکھ 50 ہزار روپے کی ریکوری عمل میں لائی گئی۔ ڈائریکٹر شہزاد ندیم بخاری نے کہا ہے کہ اسلام آباد زون شہریوں کو بیرونِ ملک ملازمت اور سفر کے نام پر فراڈ سے بچانے اور انسانی اسمگلنگ روکنے کے لیے سرگرم عمل ہے۔ انہوں نے شہریوں کو ہدایت کی کہ ویزا ایجنٹ سے معاملہ کرتے وقت ضروری تصدیق لازمی کریں اور کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کی صورت میں حکام کو فوری اطلاع دیں۔

بقیہ 44

زندگی اجیرن کردی ہے اہل علاقہ نے متعلقہ محکمے اور میونسپل کمیٹی اور انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ عوام کے جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے فوری طور پر نالے پر ڈھکن نصب کئے جائیں اور ادھورے سیوریج نالے کی تعمیر مکمل کرکے نکاسی آب کا دیرینہ مطالبہ پورا کیا جائے تاکہ عوام بارشوں کے دوران کسی بھی نقصان سے بچ سکیں۔

بقیہ 45

ڈالر تک پہنچ گئے ہیں۔ اس موقع پر علاقائی تنازع کے توانائی، مہنگائی اور غذائی تحفظ پر اثرات اور رسد برقرار رکھنے کیلئے تیاریوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق موسم سرما کی طلب پوری کرنے کے لئے تیاریوں پر بھی گفتگو ہوئی۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے برآمدات پر مبنی ترقی، آئی ٹی برآمدات میں اضافے اور پاکستانی مصنوعات کی عالمی منڈیوں میں مسابقت بہتر بنانے پر زور دیا۔ وزیرِ خزانہ محمد اورنگزیب نے قرضوں کی پائیداری اور خودمختار کریڈٹ ریٹنگ کے ڈبل بی درجے کی جانب پیش رفت کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ اعلامیہ کے مطابق نجکاری، ہوائی اڈوں کے انتظام کو آؤٹ سورس کرنے اور بوئنگ کے ساتھ روابط پر گفتگو ہوئی۔ امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک (یو ایس ایگزم بینک) سے ممکنہ مالی معاونت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 46

کے مسئلے کو سمجھتا ہے اور اس کا نوٹس بھی لے رہا ہے۔ اس کے علاوہ نواز شریف نے اپنی طبیعت کے حوالے سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ میری طبیعت ٹھیک ہے، اللہ کا شکر ہے۔

بقیہ 47

ہے۔ دوسری جانب پشاور کے گنجان آباد علاقے یکہ توت میں بم کی موجودگی کی اطلاع پر ایس ایچ او یکہ توت اور بی ڈی ایس اسکواڈ کی بروقت کارروائی سے بڑا سانحہ ٹل گیا۔ ایس پی سٹی پشاور شاہد عدنان اور ایس ایچ او یکہ توت ریاض آفریدی کی نگرانی میں بی ڈی ایس کی ماہر ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے 11 کلوگرام وزنی پریشر ککر بم ناکارہ بنا دیا۔ ترجمان پولیس کے مطابق یکہ توت کے علاقے حافظ آباد میں واقع بند مکان 5 سے 6 ماہ قبل افغان خاندان کو کرائے پر دیا گیا تھا، تعمیری کام کے لیے مکان کھولنے پر مشکوک پریشر ککر پایا گیا، جسے فوری اطلاع پر کامیاب کارروائی میں ناکارہ بنایا گیا۔ مقدمے کے اندراج کے لئے سی ٹی ڈی خیبر پختونخوا کو مراسلہ ارسال کر دیا گیا ہے۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے بروقت اور موثر کارروائی پر پشاور پولیس اور بم ڈسپوزل اسکواڈ کو خصوصی شاباش دی ہے۔ آئی جی پی ذوالفقار حمید نے کہا کہ گنجان آباد علاقے میں دہشت گردی کا بڑا منصوبہ ناکام بنا کر پشاور پولیس نے درجنوں قیمتی جانیں بچائیں۔ خیبر پختونخوا پولیس دہشتگردی کے ناسور کے خلاف آہنی دیوار بن کر کھڑی ہے اور عوام کے تحفظ کیلئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 48

غلام، سکنہ شاہی تمپ، اور عامر ولد عبدالنبی، سکنہ سریاب کوئٹہ، کے ناموں سے ہوئی ہے۔ پولیس نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ سرفراز عرف ملاقل کے ایک مقدمے میں پولیس کو مطلوب اشتہاری ملزم تھا۔ اطلاعات کے مطابق ایک مقتول کی لاش اہل خانہ کے حوالے کردی گئی ہے، جبکہ عامر کی لاش کوئٹہ منتقل کی جائے گی۔

بقیہ 49

موقع ہے، وفاقی وزیر احد چیمہ کو ورلڈ بینک گروپ کے کارپوریٹ سیکریٹریٹ نے چیئرمین شپ کی ذمہ داریوں پر بریفنگ دی۔ اعلامیہ کے مطابق وفاقی وزیر احد چیمہ نے ڈبلیو بی جی کی نائب صدر اور کارپوریٹ سیکریٹری ارادھانا کمار کپور سے ملاقات کی ہے۔ ملاقات میں پاکستان کی مدتِ سربراہی کے دوران ادارہ جاتی معاونت اور رابطہ کاری پر تبادلہ خیال کیا گیا، احد خان چیمہ کی سبکدوش ہونے والے چیئرمین کارلوس کاروالو اسپالڈنگ سے بھی ملاقات ہوئی۔ وفاقی وزیر نے کارلوس اسپالڈنگ کو کامیابی سے مدتِ عہدہ مکمل کرنے پر مبارک باد دی، دونوں رہنماؤں نے چیئرمین شپ کی ذمہ داریوں اور آئندہ سال کی ترجیحات پر تبادلہ خیال کیا۔ احد چیمہ نے کہا کہ پاکستان ترقی پذیر ممالک کی آواز موثر بنانے کے لئے اپنا کردار ادا کرے گا، ترقیاتی مالی وسائل کی مثر اور قابلِ پیش گوئی فراہمی پاکستان کی ترجیحات میں شامل ہے، پاکستان کثیرالجہتی ترقیاتی اداروں کے درمیان رابطہ کاری بہتر بنانے کے عزم پر قائم ہے، پاکستان پائیدار اور جامع ترقی کے لیے نجی سرمایہ کاری متحرک کرنے کا خواہاں ہے، پاکستان موثر کثیرالجہتی ترقیاتی و مالیاتی نظام کیلئے ورلڈ بینک گروپ، آئی ایم ایف اور رکن ممالک کے ساتھ کام کرے گا۔

بقیہ 50

کوشش کی۔ ترکی المالکی نے کہا کہ حوثیوں کے حملے بین الاقوامی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی ہیں، دفاعی نظام نے حوثی ملیشیا کے فائر کئے گئے متعدد میزائلوں اور راکٹ لانچرز کو تباہ کردیا۔ انہوں نے بتایا کہ سعودی عرب کی متعدد اہم تنصیبات کو نشانہ بنانے کی حوثیوں کی کوشش ناکام بنادی گئی، یمن کے پہاڑی علاقوں میں حوثی ملیشیا کے اسلحے کے 120 سے زائد ذخیرے تباہ کر دیئے۔ ترجمانی سعودی اتحادی فوج کا مزید کہنا تھا کہ یمن میں صنعا کے بعض علاقوں میں حوثی ملیشیا نے میزائل فائر کئے، صنعا کے متاثرہ علاقوں سے آبادی کا انخلا کیا جارہا ہے۔

بقیہ 51

5 ہزار 190 میجر بیرونِ ملک روزگار کے لئے گئے، سال 2024 میں 8 ہزار 15، سال 2025 میں 5 ہزار 945 انجینئرز نے بیرونِ ملک روزگار حاصل کیا جب کہ 2026 میں 3 ہزار 605 انجینئرز بیرونِ ملک گئے۔ دستاویز میں بتایا گیا ہیکہ 2024 میں 4 ہزار 779، سال 2025 میں 4 ہزار 305 اکائنٹنٹ بیرونِ ملک گئے، 2026 میں ایک ہزار 771 اکائنٹنٹ بیرونِ ملک روزگار کے لئے گئے۔ 2024 میں 3 ہزار 625، سال 2025 میں 3 ہزار 795 ڈاکٹرز بیرونِ ملک گئے جب کہ سال 2026 میں 2 ہزار 93 ڈاکٹرز بیرونِ ملک گئے۔ دستاویز کے مطابق 2024 میں ایک ہزار 729، سال 2025 میں ایک ہزار 725 اور 2026 میں ایک ہزار 457 اساتذہ بیرون ملک گئے۔

بقیہ 52

متاثرین کو نکالا گیا، جبکہ ریسکیو کی ایمبولینسز نے ملبے تلے دبے زخمیوں کو فوری طور پر لیڈی ریڈنگ اسپتال منتقل کیا۔

بقیہ 53

ہوئے مقتولہ کی بیوی کے قتل کے الزام میں نامزد ملزم شوہر حامد کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس کی جانب سے ملزم سے مزید تفتیش کا آغاز کردیا گیا ہے تاکہ واقعے کے محرکات معلوم کیے جاسکیں۔

بقیہ 54

پر خودکش حملے کا مرکزی ماسٹر مائنڈ تھا۔ سی ٹی ڈی خیبر پختونخوا کے مطابق ہلاک دہشت گرد نے کوہاٹ پولیس لائنز حملے میں خودکش بارود بردار گاڑی کی خود رہنمائی کی تھی، خوارج زاہد گل دہشت گردی کے متعدد دیگر سنگین واقعات میں بھی سیکیورٹی فورسز کو انتہائی مطلوب تھا۔ ہلاک دہشت گرد بلی تنگ بینک ڈکیتی میں خود موقع پر موجود تھا جس میں 60 لاکھ روپے لوٹے گئے تھے، ڈکیتی میں لوٹی گئی رقم بکاخیل اور جانی خیل میں بنوں کی دہشت گرد تشکیلوں میں تقسیم کی گئی تھی۔

TENDER NOTICE

The Balochistan Institute of nephro-Urology Quetta (BINUQ) invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-627101208611 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.**

Tender Fee 1000 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Procurement of Medicine and Allied Items (Total Item(s) Count: 244)	500,000 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity 10,000,000 in Previous 3 Years Turn over of at least 30,000,000 PKR in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee The successful bidder in this eligibility criteria will be bound to provide two (02) samples of each quoted item within three (03) working days for technical evaluation Must unconditionally agree with all the instructions, terms & conditions specified in the bidding documents & contract agreement a) Non-Declaration of substandard, spurious, adulterated, misbranded or any other section of the Drug Act 1976 imposed by any Drug Testing Laboratory or Regulatory body of any quoted item, s within last two years. b) Bidder must agree to serve the 50 % Contract within 01 (one) Month from the date of Supply Order. c)Shelf-life must be 75% & 70% (from the date of supply of medicine) for local products & Imported products respectively Authorization from the Manufacturer / Sole-Agent in favor of the Bidder Registration with drug regulatory Authority of Pakistan or provisional import license Drug Sale License from DG Health **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of amount 500,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 03 November, 2026till 10:00 AM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 11:00 AM on EPPS System Address: Balochistan Institute of nephro-Urology Quetta (BINUQ) samungli Road Quetta Phone no: 0819204701
Email: info.binuq@gmail.com

Chief Executive Officer,
Balochistan Institute of
Nephro-Urology, Quetta
(BINUQ)

DPRQ/PRQ No.1927/16-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

تصحیح اشتہار فیز 3

تمام امیدواروں کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اشتہار برائے خالی آسامیاں جو دفتر ہذا کی جانب سے PRQ No 1842/09-10-2026 کو مقامی اخبارات میں مشتہر ہوئی تھی جن میں سے بیسک ہیلتھ یونٹ کی تمام آسامیوں کو تکنیکی انتظامی وجوہات کی بناء پر حذف/اشتہار سے خارج کرکے اشتہار میں تصحیح کی جاتی ہے جو کہ درج ذیل طریقے سے رہے گی اشتہار میں باقی تمام آسامیاں شرائط وضوابط اور درخواست کی آخری تاریخ 30 اکتوبر 2026 حسب سابق برقرار رہے گی۔

نمبر شمار	نام اسامی	تعداد	تعلیمی قابلیت و دیگر شرائط
1	اسٹیٹیشن (BPS-14)	01	اسٹیٹکس (شماریات) اکنامکس/ریاضی میں بیچلر ڈگری اور ایم ایس آفس کمپیوٹر میں مہارت رکھتا ہو
2	اسسٹنٹ انسپکٹر (BPS-14)	01	BA/BSC مزکورہ فیلڈ میں 2 سال کا تجربہ رکھتا ہو
3	جونیئر کلرک (BPS-11)	01	ایف اے/ایف ایس سی اور کمپیوٹر ڈپلومہ (کم سے کم 2 سال آفس ورکس کا تجربہ رکھنے والے کو ترجیح دی جائے گی
4	ECG ٹیکنیشن (BPS-09)	05	میٹرک سائنس بمعہ ڈپلومہ ECG ٹیکنیشن، محکمہ صحت کے منظور شدہ ادارے سے پاس شدہ
5	OT ٹیکنیشن (BPS-09)	04	میٹرک سائنس بمعہ ڈپلومہ OT ٹیکنیشن، محکمہ صحت کے منظور شدہ ادارے سے پاس شدہ
6	ہیلتھ ٹیکنیشن (BPS-09)	01	میٹرک سائنس بمعہ ڈپلومہ ہیلتھ ٹیکنیشن، محکمہ صحت کے منظور شدہ ادارے سے پاس شدہ ہو
7	Dialysis ٹیکنیشن (BPS-09)	03	میٹرک سائنس بمعہ ڈپلومہ Dialysis ٹیکنیشن، محکمہ صحت کے منظور شدہ ادارے سے پاس شدہ
8	ایکسرے ٹیکنیشن (BPS-09)	04	میٹرک سائنس بمعہ ڈپلومہ ایکسرے ٹیکنیشن، محکمہ صحت کے منظور شدہ ادارے سے پاس شدہ
9	ڈینٹل ٹیکنیشن (BPS-09)	05	میٹرک سائنس بمعہ ڈپلومہ ڈینٹل ٹیکنیشن، محکمہ صحت کے منظور شدہ ادارے سے پاس شدہ
10	میڈیکل ٹیکنیشن (BPS-09)	03	میٹرک سائنس بمعہ ڈپلومہ میڈیکل ٹیکنیشن، محکمہ صحت کے منظور شدہ ادارے سے پاس شدہ
11	فیمیل میڈیکل ٹیکنیشن (BPS-09)	06	میٹرک سائنس بمعہ ڈپلومہ فیمیل میڈیکل ٹیکنیشن، محکمہ صحت کے منظور شدہ ادارے سے پاس شدہ
12	ایل، ایچ، وی (BPS-09)	06	میٹرک سائنس بمعہ ڈپلومہ LHV، محکمہ صحت کے منظور شدہ ادارے سے پاس شدہ
13	ICU ٹیکنیشن (BPS-09)	01	میٹرک سائنس بمعہ ڈپلومہ ICU ٹیکنیشن، محکمہ صحت کے منظور شدہ ادارے سے پاس شدہ
14	آئی ٹیکنیشن (BPS-09)	01	میٹرک سائنس بمعہ ڈپلومہ آئی ٹیکنیشن، محکمہ صحت کے منظور شدہ ادارے سے پاس شدہ
15	ڈیٹا انٹری ٹیکنیشن (BPS-09)	01	ایف اے/ایف ایس سی/ٹائپنگ میں تجربہ رکھتا ہو
16	الٹراساونڈ ٹیکنیشن (BPS-09)	01	میٹرک سائنس بمعہ ڈپلومہ الٹراساونڈ ٹیکنیشن، محکمہ صحت کے منظور شدہ ادارے سے پاس شدہ
17	فزیوتھراپی ٹیکنیشن (BPS-09)	01	میٹرک سائنس بمعہ ڈپلومہ فزیوتھراپی ٹیکنیشن، محکمہ صحت کے منظور شدہ ادارے سے پاس شدہ
18	اینستھیزیا ٹیکنیشن (BPS-09)	01	میٹرک سائنس بمعہ ڈپلومہ اینستھیزیا ٹیکنیشن، محکمہ صحت کے منظور شدہ ادارے سے پاس شدہ
19	ڈسپنسر (BPS-06)	05	میٹرک سائنس بمعہ ڈپلومہ ڈسپنسر، محکمہ صحت کے منظور شدہ ادارے سے پاس شدہ
20	ویکسینیٹر (BPS-05)	17	میٹرک سائنس اور ویکسینیشن کا تجربہ رکھتا ہو
21	ڈرائیور (BPS-04)	03	مڈل پاس کیا ہو اور ڈرائیونگ لائسنس یافتہ ہو
22	وارڈ Boy (BPS-02)	01	مڈل پاس کیا ہو اور تجربہ کار افراد کو ترجیح دی جائے گی
23	نائب قاصد (BPS-01)	03	مڈل پاس کیا ہو اور تجربہ کار افراد کو ترجیح دی جائے گی
24	چوکیدار (BPS-01)	04	مڈل پاس کیا ہو اور تجربہ کار افراد کو ترجیح دی جائے گی
25	سویپر (BPS-01)	05	مڈل پاس کیا ہو اور تجربہ کار افراد کو ترجیح دی جائے گی

ڈپٹی کمشنر
آواران

PRQ No1938/16-10-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

روزنامہ اطلاع عام کوئٹہ

بروز ہفتہ 17 اکتوبر 2026ء

کوئٹہ، صوبائی مشیر ڈاکٹر ربابہ بلیدی نیشنل لائبریری اسلام آباد میں پاکستان کے پہلے وزیراعظم لیاقت علی خان کی حیات، سیاسی جدوجہد اور قومی خدمات پر مبنی تصویری و کتب نمائش کا افتتاح کر رہی ہیں

میر قمبر مینگل کے گھر پر حملے پر ایوان میں شدید احتجاج، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی اور جہانزیب مینگل کی مذمت

دہشت گردوں کا بلوچیت اور روایات سے کوئی تعلق نہیں، تعلیمی اداروں کی عمارتوں کے آڈٹ کی ہدایت، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے جاری اجلاس میں رکن صوبائی اسمبلی میر جہانزیب مینگل اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے میر قمبر مینگل کے گھر پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اجلاس کے دوران اظہارِ خیال کرتے ہوئے رکن اسمبلی میر جہانزیب مینگل نے کہا کہ میر قمبر مینگل کے گھر پر فتن الہندوستان کے سہولت کاروں نے حملہ کیا ہے اور ایسے عناصر کا بلوچیت اور بلوچی روایات سے دور دور تک کوئی تعلق نہیں ہے۔ انہوں نے سخت لہجہ اختیار کرتے ہوئے کہا کہ اگر فتن الہندوستان کے سہولت کاروں میں غیرت ہے تو سامنے آ کر مقابلہ کریں۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ وہ اس واقعے کا فوری نوٹس لیں۔ ایوان میں گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے میر قمبر مینگل کے گھر پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور کہا کہ یہ کوئی بلوچیت نہیں بلکہ کھلی دہشت گردی ہے۔ ان دہشت گردوں کا ہماری روایات سے کوئی تعلق نہیں ہے، جو قوم کو اور بالخصوص بلوچوں کو ایک لاحاصل جنگ کی

(بقیہ 32 اندرونی صفحہ 3 پر)

جعلی صحافیوں اور گروہوں سے پریس کلب اور بی یو جے کی لاتعلقی

کوئٹہ (جی این ایم) بی یو جے کے صدر منظور احمد، جنرل سیکرٹری شاہ حسین ترین، کوئٹہ پریس کلب کے صدر عرفان سعید، جنرل سیکرٹری ایوب ترین وارا کین نے مشترکہ بیان میں اس بات پر تشویش کا اظہار کیا ہے کہ بعض افراد اور گروہ صحافی اور صحافت کے نام پر سرکاری محکموں، پولیس، نجی اداروں اور شخصیات سے ملاقات کرنے کے خواہاں یا ملاقات کرکے ذاتی مفادات حاصل کرنے کوشش کررہے ہیں اس سلسلے میں بی یو جے اور کوئٹہ پریس کلب کو

(بقیہ 31 اندرونی صفحہ 3 پر)

انسانی زندگی کیلئے خوراک بنیادی اہمیت رکھتی ہے، ظہور احمد بلیدی

جبکہ خالص، محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ انسانی زندگی کے لیے خوراک بنیادی اہمیت رکھتی ہے، جبکہ خالص، محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ حکومت خوراک کے معیار اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال اور زرعی شعبے کی ترقی پر توجہ دے رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم خوراک کے موقع پر بلوچستان ایگریکلچر کالج، بلیلی

(بقیہ 30 اندرونی صفحہ 3 پر)

پشاور، سکول حادثے کا مقدمہ درج، مالکان اور ٹھیکیدار نامزد

جاں بحق تمام بچوں کی شناخت مکمل، تمام میتوں کو ورثا کے حوالے کردیا گیا، ترجمان لیڈی ریڈنگ اسپتال

پشاور (اے این این) پشاور کے علاقے دیر کالونی میں سکول کی چھتیں گرنے کے افسوسناک حادثے کا مقدمہ تھانہ آغا میر جانی شاہ میں درج کرلیا گیا جبکہ سانحہ کی تفتیش کرنے والی تین رکنی تحقیقاتی کمیٹی نے رپورٹ کمشنر پشاور کو جمع کرادی۔۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق حادثے میں 30 سے زائد بچوں اور ایک خاتون ٹیچر کے جاں بحق ہونے کی اطلاع

(بقیہ 29 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایران اور وینزویلا پر حملوں میں امریکی خلائی جنگی نظام کے استعمال ہونے کا انکشاف

واشنگٹن (اے این این) مریکی میڈیا رپورٹس میں دعوی کیا گیا ہے کہ ایران اور وینزویلا تنازعہ میں امریکی خلائی جنگی نظام استعمال کیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ جدید نظام دنیا کے کسی بھی حصے میں تیزی سے تعینات کیا جا سکتا ہے اور اس میں سیٹلائٹس اور مواصلاتی نظام کو جام کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ یہ نظام جدید جنگی حکمت عملی کا اہم حصہ ہے، جہاں دشمن

(بقیہ 34 اندرونی صفحہ 3 پر)

صحبت پور میں ایکسئین پبلک ہیلتھ کے ناروا رویے کے خلاف ٹھیکیداروں کا شدید احتجاج

ٹینڈر جمع کرانے کا وقت پورا ہونے پر افسر دفتر چھوڑ کر غائب، اعلیٰ حکام نوٹس لیں، منصور بھنگر کی قیادت میں ٹھیکیداروں کی گفتگو

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور میں ایکسئین (ایگزیکٹو انجینئر) پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے ناروا رویے اور غیر ذمہ دارانہ طرزِ عمل کے خلاف ٹھیکیدار برادری سراپا احتجاج بن گئی۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ صحبت پور کی جانب سے مختلف ترقیاتی کاموں کے لیے اخبارات میں ٹینڈر کا اشتہار شائع کیا گیا تھا، جس کے بعد تمام ٹھیکیداروں نے ٹینڈر فیس جمع کرانے سمیت دیگر تمام قانونی شرائط اور ضوابط پورے کر لیے۔ تاہم، ٹینڈر فارم و کاغذات جمع کرانے اور اوپننگ کے مقررہ وقت سے محض دس منٹ قبل ایکسئین ڈیوٹی اور کرسی چھوڑ کر پراسرار طور پر دفتر سے غائب ہو گئے۔ دفتر میں کسی بھی ذمہ دار کے فارمز وصول نہ کرنے پر ٹھیکیداروں نے سخت اشتعال کا اظہار کیا۔ منصور بھنگر کی قیادت میں ٹھیکیداروں نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ پبلک ہیلتھ کے افسران کی اس بدانتظامی اور من مانی سے ٹھیکیداروں کا قیمتی وقت اور سرمایہ ضائع

(بقیہ 33 اندرونی صفحہ 3 پر)

پنجگور، شہید جاوید چوک پر مسلح شخص کی فائرنگ سے راہگیر بچہ زخمی، ملزم کی تلاش جاری

زخمی بچے کو ٹیچنگ اسپتال منتقل کردیا گیا، پولیس نے علاقے میں ناکا بندی کرکے ملزم کا تعاقب شروع کردیا

پنجگور (یو این اے) پنجگور کے مصروف ترین علاقے شہید جاوید چوک پر ایک مسلح شخص کی جانب سے کی جانے والی اندھا دھند فائرنگ کے نتیجے میں ایک معصوم راہگیر بچہ شدید زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق فائرنگ کا یہ واقعہ شہید جاوید چوک پر پیش آیا، جہاں اچانک مسلح ملزم کی گولیاں چلنے سے راہگیر بچہ زد میں آ کر زخمی ہوگیا۔ واقعے کے فوراً بعد ریسکیو ذرائع اور مقامی افراد نے انسانی ہمدردی کا مظاہرہ کرتے ہوئے زخمی بچے کو فوری طبی امداد کے لیے ٹیچنگ ہسپتال پنجگور منتقل کر دیا، جہاں ڈاکٹروں کی نگرانی میں اسے طبی امداد دی جا رہی ہے۔ عینی

(بقیہ 35 اندرونی صفحہ 3 پر)

سینیٹ اجلاس اراکین کی عدم دلچسپی کے باعث ملتوی، معمول کی کارروائی بھی نامکمل

اسلام آباد (اے این این) سینیٹ اجلاس کو اراکین عدم دلچسپی کے باعث 19 اکتوبر کی شام 4 بجے تک ملتوی کر دیا گیا، اجلاس میں معمول کی کارروائی بھی مکمل نہ ہوسکی۔ سینیٹ میں سوالات کرنے والے زیادہ تر ارکان موجود نہیں تھے جس پر پریزائیڈنگ افسر شہادت اعوان نے اب تک کے تمام سوالات موخر کر دیئے۔ سوالات پوچھنے والے زیادہ تر ارکان غیر حاضر رہے جبکہ سید وقار مہدی سوال پوچھنے والے

(بقیہ 39 اندرونی صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر کچھی میر ممتاز علی کھیتران کا سول اسپتال مچھ کا اچانک دورہ، طبی سہولیات کا جائزہ

تیز رفتار مزدا ٹرکوں اور ویگنوں کی چھتوں پر سواریاں بٹھانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی، ڈی سی کچھی

مچھ (یو این اے) ڈی سی کچھی کا سول ہسپتال مچھ کا اچانک دورہ ایم۔ایس ڈاکٹر مشتاق داجلی نے ان کا استقبال کیا اس موقع پر انہوں نے ہسپتال کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل جاتی و دیگر سپورٹنگ اسٹاف درڈیوٹی پر موجود تھے اس موقع پر انہوں نے صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا صحت اور تعلیم میری اولین ترجیح ہیں کچھی کے شہریوں کو معیاری علاج معالجے سے سہولت کی فراہمی کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں اس سلسلے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے مچھ ایک ایسے سنگم پر واقع ہے جہاں روڈ اور مائن حادثات روز کا معمول ہے انہوں نے کہا انہوں نے پولیس کو بھی انہوں نے سختی سے ہدایت کی ہے کہ ٹریفک قوانین پر مکمل عمل درآمد کو یقینی بنائیں بالخصوص مزدا ٹرکس کی تیز رفتاری اور لوڈنگ ویگنوں

(بقیہ 40 اندرونی صفحہ 3 پر)

گنداواہ نوتال روڈ پر مبینہ ڈاکوؤں کی فائرنگ، جوابی کارروائی سے ملزمان فرار

علاقے میں امن وامان کی صورتحال پر شہریوں میں تشویش، گشت بڑھانے اور سیکیورٹی کے موثر اقدامات کا مطالبہ

جھل مگسی (یو این اے) گزشتہ شب گنداواہ نوتال روڈ پر بادرہ کے مقام پر مبینہ ڈاکوؤں نے نوشہرہ کی معزز شخصیت سید منیر حسین شاہ پر فائرنگ کی، جس پر انہوں نے جوابی فائرنگ کی۔ جوابی فائرنگ کے نتیجے میں مبینہ ڈاکو فرار ہونے پر مجبور ہوگئے۔ واقعے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ واقعے کے بعد مبینہ ڈاکوؤں کا تعاقب کرنے کے لیے سید صفدر اکبر علی شاہ حسینی، جاموٹ اقوام کے رہنماں اور معتبرین سمیت بڑی تعداد میں افراد روانہ ہوگئے۔ گنداواہ نوتال روڈ پر امن وامان کی صورتحال پر شہریوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ عوامی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ علاقے میں سیکیورٹی کے مؤثر انتظامات کیے جائیں تاکہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ عوامی حلقوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ علاقے میں سیکیورٹی کے مؤثر انتظامات کیے جائیں تاکہ شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے۔

صحبت پور، نامعلوم مسلح افراد گھر میں گھس کر موٹر سائیکل و سامان لوٹ کر فرار

پولیس کی عدم توجہی سے جرائم کی شرح میں اضافہ، آئی جی بلوچستان اور ڈی آئی جی نوٹس لیں، اہلیانِ علاقہ کا مطالبہ

صحبت پور (یو این اے) صحبت پور کی تحصیل جیا خان میں قائم پولیس تھانہ جیانی کی حدود سیکیورٹی کے لحاظ سے ابتر صورتحال اختیار کرگئی ہے، جہاں مسلح ڈکیتی اور چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں کے باعث علاقہ نوگوایریا کا منظر پیش کرنے لگا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ جیانی کی حدود کے گاں جہان علی کھوسو کے رہائشی محمد آصف کھوسو کے گھر میں رات گئے نامعلوم نقاب پوش ملزمان داخل ہوئے اور اہلخانہ کو یرغمال بنا کر جدید ماڈل (2026) کی ہائی اسپیڈ موٹر سائیکل، نقدی اور دیگر قیمتی گھریلو سامان لوٹ کر باآسانی فرار ہوگئے۔ اس سے قبل بھی مسلح افراد نے معروف زمیندار و تاجر میر طاہر خان کے ملازم سے موٹر سائیکل، موبائل فون اور نقدی چھین لی تھی۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ پولیس گشت کی عدم موجودگی اور غفلت کے باعث تھانہ جیانی کی حدود میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں معمول بن چکی ہیں، جس سے عوام میں شدید خوف و ہراس اور بے چینی

(بقیہ 42 اندرونی صفحہ 3 پر)

اشرافیہ نے پورے معاشرے کو یرغمال بنا رکھا ہے، حافظ نعیم الرحمان

پاکستان میں بیوروکریسی اور جاگیرداروں پر مشتمل اشرافیہ موجود ہے، زراعت، معیشت سمیت ہر چیز اشرافیہ کے کنٹرول میں ہے

ہمارے ملک کا تعلیمی نظام اپ ڈیٹڈ نہیں ہے، پاکستان میں اس وقت پونے تین کروڑ سے زائد بچے سکولوں سے باہر ہیں، امیر جماعت اسلامی

گجرات (اے این این) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ ہمارے ملک میں ریاست اپنی ذمہ داری ادا نہیں کر رہی، ایلیٹ کیپچر نے پورے معاشرے کو یرغمال بنا رکھا ہے، بڑے بڑے سرمایہ دار غریبوں کا استحصال کر رہے ہیں۔ گجرات میں الخدمت فاؤنڈیشن کے بنو قابل پروگرام کی پہلی گریجویشن تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پاکستان میں بیوروکریسی اور جاگیرداروں پر مشتمل اشرافیہ موجود ہے، زراعت، معیشت سمیت ہر چیز اشرافیہ کے کنٹرول میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ افسوس کی بات ہے کہ ہمارے ملک کا تعلیمی نظام اپ ڈیٹڈ نہیں ہے، پاکستان میں اس وقت پونے تین کروڑ سے زائد بچے سکولوں سے باہر ہیں، صرف پنجاب میں ایک

(بقیہ 41 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

گزشتہ 3 سالوں میں 18 لاکھ 71 ہزار سے زائد اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد پاکستان چھوڑ گئے

سال 2026 میں اب تک 15 ہزار 850 اعلیٰ تعلیم یافتہ پاکستانی بیرونِ ملک گئے، دستاویز ایوان میں پیش

اسلام آباد (جی این ایم) گزشتہ 3 سال کے دوران 18 لاکھ 71 ہزار سے زائد اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد پاکستان چھوڑ گئے۔ ایوان میں پیش کی جانے والی دستاویزات کے مطابق سال 2024 میں 45 ہزار 830 اعلیٰ تعلیم یافتہ پاکستانی بیرونِ ملک گئے اور سال 2025 میں 28 ہزار 726 اعلیٰ تعلیم یافتہ پاکستانیوں نے بیرونِ ملک روزگار حاصل کیا جب کہ سال 2026 میں اب تک 15 ہزار 850 اعلیٰ تعلیم یافتہ پاکستانی بیرونِ ملک گئے۔ بیرون ملک جانے والوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، آئی ٹی پروفیشنلز اور ماہرین تعلیم شامل ہیں۔ دستاویز کے مطابق سال 2024 میں 23 ہزار 674، سال 2025 میں 9 ہزار 562 نیجرز بیرونِ ملک گئے، 2026 میں

(بقیہ 51 اندرونی صفحہ 3 پر)

پشاور اسکول سانحہ، ریسکیو 1122 نے حادثے کی ابتدائی رپورٹ تیار کرلی

پہلی کال موصول ہونے کے 5 منٹ میں ایمبولینسز جائے وقوع پر پہنچ گئی تھیں، ریسکیو 1122

پشاور (جی این ایم) پشاور میں دیر کالونی میں نجی اسکول کی چھت منہدم ہونے کے واقعے کی ریسکیو 1122 نے ابتدائی رپورٹ تیار کرلی ۔ رپورٹ کے مطابق 15 اکتوبر کو صبح 8 بج کر 48 منٹ پر پہلی ایمرجنسی کال موصول ہوئی، جس پر کنٹرول روم نے ابتدائی طور پر 2 ایمبولینسز جائے وقوع کی طرف روانہ کیں۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ایمبولینس 5 منٹ کے اندر جائے وقوع پر پہنچی، تاہم حادثے کی شدید نوعیت معلوم ہونے کے بعد فوری طور پر 20 ایمبولینسز اور 100 اہلکار بھجوائے گئے۔ رپورٹ کے مطابق جائے وقوع سے مجموعی طور پر 56

(بقیہ 52 اندرونی صفحہ 3 پر)

حرمین شریفین کے دفاع کے لئے ہم متحد ہیں، ترجمان سعودی فوجی اتحاد

ریاض (اے این این) سعودی فوجی اتحاد کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے کہا کہ حرمین شریفین کے دفاع کے لئے ہم متحد ہیں۔ سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں ترجمان سعودی فوجی اتحاد میجر جنرل ترکی المالکی نے نیوز کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ حوثی ملیشیا نے سعودی عرب کے متعدد ہوائی اڈوں، تیل تنصیبات اور بندرگاہوں کو نشانہ بنانے کی

(بقیہ 50 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، شوہر نے بیوی کو سر پر پتھر مار کر بے دردی سے قتل کردیا

کوئٹہ (جی این ایم) کوئٹہ میں ویسٹرن بائی پاس کے قریب واقع ہزارہ قبرستان کے پاس ایک خاتون کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق مبینہ طور پر شوہر نے اپنی ہی اہلیہ کو سر پر پتھر مار کر بے دردی سے قتل کیا ۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ قتل کا یہ واقعہ ہزارہ قبرستان کے قریب پہاڑ کے دامن میں پیش آیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے فوری کارروائی کرتے

(بقیہ 53 اندرونی صفحہ 3 پر)

26 نومبر احتجاج، علیمہ خان پر درج مقدمے کا فیصلہ چوتھی مرتبہ موخر

راولپنڈی (اے این این) راولپنڈی کی انسدادِ دہشت گردی کی عدالت نے علیمہ خان کے خلاف 26 نومبر کے احتجاج پر درج مقدمے کا فیصلہ ایک بار پھر موخر کردیا۔ کیس کی سماعت کے موقع پر عدالت نے محفوظ فیصلہ 26 اکتوبر تک بغیر کارروائی کے موخر کیا۔ سماعت کے دوران علیمہ خان کے وکیل فیصل ملک عدالت میں پیش ہوئے۔ یاد رہے کہ اس سے قبل اے ٹی سی راولپنڈی نے مقدمے کا فیصلہ 22 ستمبر کو محفوظ کیا تھا۔ فیصلہ انسدادِ دہشت گردی کی عدالت کے جج امجد علی شاہ نے محفوظ کیا تھا، عدالت نے چوتھی مرتبہ فیصلہ موخر کیا ہے۔ مہ خان کے خلاف 26 نومبر کے احتجاج پر درج مقدمے کا فیصلہ ایک بار پھر موخر کردیا۔

پاکستان 2027 میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے بورڈز آف گورنرز کی سربراہی کریگا

وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ دونوں اداروں کے بورڈز آف گورنرز کے آئندہ چیئرمین نامزد

اسلام آباد، بنکاک (اے این این) وفاقی وزارت اقتصادی امور نے کہا ہے کہ پاکستان 2027 میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے بورڈز آف گورنرز کی سربراہی کرے گا، وزیر اقتصادی امور احد چیمہ کو 2027 کے لیے دونوں اداروں کے بورڈز آف گورنرز کا آئندہ چیئرمین نامزد کر دیا گیا۔ وزارت اقتصادی امور کے جاری اعلامیہ کے مطابق یہ اعلان بنکاک میں ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے سالانہ اجلاسوں کے پلینری سیشن میں کیا گیا، پاکستان 1953 کے بعد پہلی مرتبہ ورلڈ بینک گروپ اور آئی ایم ایف کے بورڈز آف گورنرز کی سربراہی کرے گا، پاکستان کی چیئرمین شپ عالمی اقتصادی و ترقیاتی امور پر موثر کردار ادا کرنے کا اہم

(بقیہ 49 اندرونی صفحہ 3 پر)

ٹرمپ کا ایران کیخلاف جوہری ہتھیار استعمال نہ کرنے کا اعلان

جوہری ہتھیاروں کے خاتمے کے معاملے پر روس اور چین سے بھی بات چیت کر رہے ہیں

واشنگٹن (اے این این) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران پر جوہری ہتھیار استعمال نہ کرنے کا اعلان کرتے ہوئے امریکی زمینی فوج بھیجنے کا امکان مسترد کر دیا۔ نیوز میکس کو دیئے گئے انٹرویو میں امریکی صدر نے کہا ہے کہ وہ ایران کے خلاف جوہری ہتھیار استعمال نہیں کریں گے۔ ٹرمپ نے مزید کہا کہ وہ ایران میں امریکی فوجی دستے تعینات کرنے کا بھی کوئی ارادہ نہیں رکھتے۔ امریکی صدر کا کہنا تھا کہ امریکا جوہری ہتھیاروں کے خاتمے کے معاملے پر روس اور چین سے بھی بات چیت کر رہا ہے۔ اس سے قبل امریکی میڈیا نے انکشاف کیا تھا کہ امریکی فوج نے ایران پر حملوں کے نئے منصوبے تیار کیے ہیں ہونے والی بات چیت سے باخبر متعدد ذرائع کا کہنا ہے

ہم جنگ پسند نہیں، لیکن ہر جارحیت کا فیصلہ کن جواب دیں گے، ایران

ایران ہمیشہ اپنے ہمسایہ ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات کا خواہاں رہا ہے، نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی

تہران (اے این این) ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے کہا ہے کہ ایران جنگ کا خواہاں نہیں تاہم اس کے خلاف کسی بھی جارحیت کا بھرپور اور فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر جاری تنازع مزید شدت اختیار کرتا ہے تو اس کے اثرات ایران اور مغربی ایشیا تک محدود نہیں رہیں گے۔ ایرانی خبر رساں ادارے اِسنا کے مطابق کاظم غریب آبادی نے ایشیا میں اعتماد سازی اور باہمی روابط کے فروغ سے متعلق کانفرنس (سیکا) کے سربراہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایران ہمیشہ اپنے ہمسایہ ممالک کے ساتھ اچھے تعلقات کا خواہاں رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کو اپنے دفاع، نے کا حق حاصل ہے۔ ان کے بقول، ایران جنگ پسند نہیں،

گزشتہ 2 سال میں کل 43 لاکھ غیر ملکی سیاحوں نے پاکستان کا رخ کیا

2024 میں 21 لاکھ سے زائد، 2025 میں 22 لاکھ بین الاقوامی سیاح شامل تھے

اسلام آباد (اے این این) پاکستان میں سیاحوں کی آمد کے حوالے سے تفصیلات قومی اسمبلی میں پیش کردی گئیں۔ قومی اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر غلام مصطفیٰ شاہ کی زیر صدارت شروع ہوا، جس میں وقفہ سوالات کے دوران وزارت بین الصوبائی رابطہ نے پاکستان آنے والے غیر ملکی سیاحوں کے تفصیلی اعداد و شمار ایوان میں پیش کیے۔ وزارت بین الصوبائی رابطہ کے مطابق گزشتہ 2 سال کے دوران کل 43 لاکھ غیر ملکی سیاحوں نے پاکستان کا رخ کیا لاکھ بین الاقوامی سیاح شامل تھے۔

ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری پی ایس ڈی پی اسکیمات کا معائنہ کررہی ہیں

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل پہلی فوڈ نمائش کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

لکی مروت: فورسز کا مشترکہ آپریشن، کوہاٹ پولیس لائنز حملے کا ماسٹر مائنڈ ہلاک

ہلاک دہشت گرد کے اگلے اہداف کوہاٹ میں پی اے ایف سیٹ اپ اور پولیس ٹریننگ اسکول تھے

پشاور (اے این این) خیبر پختونخوا پولیس نے کہا ہے کہ لکی مروت میں مشترکہ آپریشن میں کوہاٹ پولیس لائنز حملے کا ماسٹر مائنڈ دہشت گرد خوارجی زاہد گل ہلاک کر دیا گیا۔ سی ٹی ڈی خیبر پختونخوا نے کہا کہ سی ٹی ڈی لکی مروت اور سیکیورٹی فورسز نے ایف آر لکی مروت میں کامیاب مشترکہ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، آپریشن کے دوران اہم دہشت گرد کمانڈر خوارجی زاہد گل (خوارجی گل بہادر گروپ) مارا گیا، ہلاک دہشت گرد پرانی کوہاٹ پولیس لائنز

(بقیہ 54 اندرونی صفحہ 3 پر)

وزیر داخلہ بلوچستان ضیاء اللہ لانگو کا قلات میں لائبہ ستار کے مبینہ اغوا کا نوٹس

لائبہ ستار کے مبینہ اغوا پر متعلقہ حکام کو ہدایات جاری،، 24 گھنٹوں میں رپورٹ طلب

کوئٹہ (اے این این) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے قلات میں لائبہ ستار کے مبینہ اغوا کا نوٹس لیتے ہوئے ایڈیشنل سیکرٹری داخلہ سے واقعے کی رپورٹ طلب کرلی ہے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ واقعے کی تفصیلی رپورٹ 24 گھنٹوں کے اندر پیش کی جائے۔ وزیر داخلہ بلوچستان نے ڈی آئی جی پولیس قلات ڈویژن، ڈپٹی کمشنر قلات اور ڈی پی او قلات کو بھی ضروری ہدایات جاری کرتے ہوئے واقعے سے متعلق تمام پہلوؤں کا جائزہ لینے کی ہدایت کی ہے۔

پنجاب میں تبدیلی کا آغاز غریب عوام کے حقوق کی جدوجہد سے ہوگا، مولانا واسع

عوامی حقوق کے تحفظ، اسلامی اقدار کے فروغ اور ایک منصفانہ معاشرے کے قیام کے لیے اپنی جدوجہد اسی جذبے اور عزم کے ساتھ جاری رکھے گی

مفتی محمودؒ کانفرنس کا کامیاب انعقاد جمعیت علماء اسلام کی عوامی مقبولیت اور سیاسی قوت کا مظہر ہے، آغا محمود شاہ کا مشترکہ بیان

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور صوبائی سیکرٹری جنرل آغا محمود شاہ نے ملتان میں عظیم الشان مفتی محمودؒ کانفرنس کے کامیاب انعقاد پر جمعیت علماء اسلام پنجاب، ضلع ملتان کے ذمہ داران اور پنجاب کے عوام کو زبردست خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کانفرنس میں عوام کی بھرپور شرکت جمعیت علماء اسلام کی عوامی مقبولیت، سیاسی قوت اور نظریاتی وابستگی کا واضح مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کا جمِ غفیر اس بات کا ثبوت ہے کہ قوم نظریاتی، بااصول اور عوام دوست قیادت کے ساتھ کھڑی ہے۔ اپنے

(بقیہ 55 اندرونی صفحہ 3 پر)

جو ایمرجنسی لگائی گئی وہ وہاں کے معدنی ذخائر پر قبضہ کیلئے ہے، مولانا فضل الرحمن

تم نے امریکیوں کے ساتھ سودے کیے ہیں، ہمارے وسائل کا مالک تم امریکہ کو بنا رہے ہو، ان کی سرمایہ کاری کے لیے راستے کھول رہے ہو

یاد رکھو، اب ہمیں یہ سیاست قبول نہیں ہے، اور چین اور روس کو بھی اس پر تحفظات ہیں، تم خطے میں غیر ملکی طاقتوں کو لا رہے ہو، سربراہ جے یو آئی کا خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے فاٹا کے علاقوں میں ایمرجنسی کے نفاذ اور امریکا کے ساتھ معاہدوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان اقدامات کا مقصد معدنی ذخائر پر قبضہ کرنا اور ملکی وسائل امریکی سرمایہ کاری کے لیے کھولنا ہے۔ ایک کانفرنس سے خطاب سے کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ فاٹا کے علاقوں میں ایمرجنسی نافذ کرنا وہاں کے معدنی ذخائر پر قبضے کے مترادف ہے۔ معاملہ صرف معدنی وسائل تک محدود نہیں، بلکہ امریکا کے ساتھ کیے گئے معاہدوں کے ذریعے پاکستانی وسائل پر امریکی اختیار قائم کرنے اور سرمایہ کاری کے لیے راستے ہموار کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان اقدامات کے بدلے اگر چند سکے ملتے

(بقیہ 26 اندرونی صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے تعلیمی اداروں کی عمارتوں کا فوری معائنہ کرایا جائے، سیف الرحمٰن

خستہ حال سکولوں کی عمارتیں طلبہ اور اساتذہ کی جانوں کے لیے خطرہ بن سکتی ہیں، سربراہ ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان

کوئٹہ (اے این این) ہیومن رائٹس کمیشن آف پاکستان کے سربراہ سیف الرحمٰن تارن نے پشاور میں نجی سکول کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعے میں 36 سے زائد بچوں اور ایک خاتون ٹیچر کی شہادت جبکہ درجنوں افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے واقعے کو انتہائی المناک سانحہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا ہے کہ حادثے کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں اور واقعے کے اصل حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں تاکہ ذمہ داروں کا تعین کیا جا سکے۔ اپنے ایک بیان میں سیف الرحمٰن تارن نے سانحے میں جاں بحق ہونے والے بچوں اور خاتون ٹیچر کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ معصوم بچوں اور اساتذہ کی جانوں کا ضیاع ایک بڑا قومی سانحہ ہے، جس پر ہر صاحبِ احساس شخص افسردہ ہے۔ ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے تعلیمی اداروں کی حفاظت اور عمارتوں کی مضبوطی کو یقینی بنانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بھی متعدد سرکاری اور نجی سکول خستہ حال عمارتوں میں قائم ہیں، جہاں کسی بھی وقت پشاور جیسے افسوسناک حادثے کا خدشہ پیدا ہوسکتا ہے۔ تعلیمی اداروں میں زیرِ تعلیم بچوں اور تدریسی عملے کی جانوں

(بقیہ 27 اندرونی صفحہ 3 پر)

وفاقی آئینی عدالت نے سابق ڈی جی شہزاد سلیم سے متعلق نیب انکوائری بند کردی

اسلام آباد (اے این این) وفاقی آئینی عدالت نے سابق ڈائریکٹر جنرل نیب شہزاد سلیم کی اپیل منظور کرتے ہوئے ان کے خلاف تقرری سے متعلق نیب انکوائری بند کردی۔ جسٹس حسن اظہر رضوی پر مشتمل 2 رکنی بنچ نے مختصر فیصلہ سنایا۔ وکیل شہزاد سلیم کے مطابق 9 سال کے بعد نیب نے تقرری کی انکوائری شروع کردی، سپریم کورٹ فیصلے میں یہ ایشو طے کردیا گیا، اس پر جسٹس حسن اظہر رضوی نے کہا نیب کیا اتنا عرصہ سویا رہا تھا، ڈی جی نیب تقرری کی انکوائری نیب کو پہلے کرنا چاہیے تھی۔ پراسیکیوٹر نیب نے کہا کہ انکوائری میں تاخیر نیب سے ہوئی ہے، دستاویزی

(بقیہ 28 اندرونی صفحہ 3 پر)

امریکا، 16 سالہ لڑکے کی اسکول میں فائرنگ، 3 بچوں اور ایک استاد کو قتل کردیا

واشنگٹن (اے این این) امریکی ریاست اوریگون میں 16 سالہ لڑکے نے اسکول میں فائرنگ کر کے 3 بچوں اور ایک استاد کو قتل کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ہلاک ہونے والے بچوں کی عمریں 5، 8 اور 11 سال معلوم ہوئی ہیں جب کہ مقتول استاد کی عمر 54 سال تھی۔ دوسری جانب فائرنگ کرنے والا لڑکا بھی مارا گیا، اسے

(بقیہ 36 اندرونی صفحہ 3 پر)

سید حیدر شاہ کو اقوام متحدہ میں پاکستان کا مستقل مندوب مقرر کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (اے این این) حکومت پاکستان نے سید حیدر شاہ کو نیویارک میں اقوام متحدہ کیلئے نیا مستقل مندوب مقرر کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سید حیدر شاہ اس وقت نیدرلینڈز میں پاکستان کے سفیر کے طور پر خدمات انجام دے رہے ہیں۔ سفارتی ذرائع کے مطابق سید حیدر شاہ اس سے قبل نیپال میں پاکستان کے سفیر اور بھارت میں

(بقیہ 38 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایف آئی اے اسلام آباد زون کا کریک ڈاؤن، 190 ایجنٹس گرفتار

راولپنڈی (اے این این) ایف آئی اے اسلام آباد زون نے غیر قانونی ویزا ایجنٹس اور شہریوں سے دھوکا دہی میں ملوث عناصر کے خلاف 4 ماہ کے دوران بھرپور اور سخت کریک ڈاؤن کیا ہے۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے اسلام آباد زون شہزاد ندیم بخاری کی زیرِ نگرانی کارروائیوں میں مزید تیزی لا کر شہریوں

(بقیہ 43 اندرونی صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی ملاقات کررہے ہیں

سیوی: ہر شہری حقائق اور ذمہ داری کے ساتھ اپنے علاقے کے مسائل اجاگر کرسکتا ہے، اللہ داد رند

بی ایم ایف آزادیٔ صحافت اور صحافیوں کے حقوق کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی، مرکزی جنرل سیکرٹری

سیوی (یو این اے) بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی جنرل سیکرٹری میر اللہ داد رند نے کہا ہے کہ اکیسویں صدی کے جدید سائنسی اور ٹیکنالوجی کے دور میں ہر شہری اپنے علاقے کے مسائل کی نشاندہی اور انہیں اجاگر کرنے میں اپنا کردار ادا کرسکتا ہے۔ صحافت کے لیے کسی صحافتی تنظیم سے ڈگری یا اجازت نامہ لینے کی ضرورت نہیں، بلکہ عوامی مسائل کو ذمہ داری کے ساتھ سامنے لانا اور حقائق کی بنیاد پر آواز بلند کرنا اہم ہے اپنے جاری کردہ بیان میں میر اللہ داد رند نے کہا کہ بلوچستان میڈیا فورم صحافیوں کے حقوق اور عوامی مسائل کے لیے آواز بلند کررہا ہے۔ فورم کی کارکردگی اور سرگرمیاں صحافتی حلقوں کے سامنے ہیں اور تنقید کے باوجود عوامی

(بقیہ 37 اندرونی صفحہ 3 پر)

بھاگ، صابر شاہ سیوریج نالے کے ڈھکن غائب، شہریوں کی زندگی اجیرن

ٹھیکیدار ڈیڑھ سال سے کام ادھورا چھوڑ کر غائب، معصوم بچوں اور بزرگوں کے لیے شدید خطرات لاحق، فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

بھاگ (یو این اے) صابر شاہ سیوریج نالے کے ڈھکن غائب ہونے کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے ٹھیکیدار سیوریج نالے کا کام ادھورا چھوڑ کر ڈیڑھ سال سے زائد عرصے سے منظر عام سے غائب ہے جس علاقے میں نالے کا کام مکمل کیا گیا وہاں سیوریج نالے کے اکثر ڈھکن غائب ہیں جو پیدل چلنے والوں موٹر سائیکل سواروں بزرگوں اور خصوصا اسکول جانے والے بچوں کے لیے خطرناک ثابت ہوسکتا ہے اور کسی بھی وقت ناخوشگوار حادثہ پیش آنے کا اندیشہ ہے نامکمل سیوریج نالہ اہل علاقہ کے لیے وبال بن چکا ہے آدھے شہر کا گندا پانی جمع ہوکر تالاب کی شکل اختیار کر چکا ہے جس سے مچھروں اور مکھیوں کی بہتات نے مکینوں کی

(بقیہ 44 اندرونی صفحہ 3 پر)

پاکستانی زرمبادلہ کے ذخائر تقریباً 21.6 ارب امریکی ڈالر تک پہنچ گئے، محمد اورنگزیب

وزیرخزانہ کی گورنر اسٹیٹ بینک کے ہمراہ امریکی محکمہ خزانہ کی انڈر سیکرٹری بین الاقوامی امور، ایرن بران سے ملاقات

علاقائی تنازع کے توانائی، مہنگائی اور غذائی تحفظ پر اثرات اور رسد برقرار رکھنے کے لئے تیاریوں پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (اے این این) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ہمراہ امریکی محکمہ خزانہ کی انڈر سیکرٹری برائے بین الاقوامی امور، ایرن بران سے ملاقات کی۔ وزیرِ خزانہ محمد اورنگزیب نے پاکستان کی جانب سے ستمبر میں 3 ارب امریکی ڈالر کے یورو بانڈ کے اجرا کو اجاگر کرتے ہوئے سکوک، پانڈا بانڈز اور دیگر مالیاتی ذرائع کے ذریعے مالی وسائل کے حصول میں تنوع پیدا کرنے کے منصوبوں سے آگاہ کیا۔ وزیرِ خزانہ محمد اورنگزیب ن نئی ایم ایف پروگرام کے تحت پیش رفت، ٹیکس اصلاحات اور مسلسل تین سال بنیادی مالیاتی سرپلس کے حصول سے متعلق آگاہ کیا۔ وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر تقریبا 21.6 ارب امریکی

(بقیہ 45 اندرونی صفحہ 3 پر)

تربت کی ڈاکٹر کالونی میں مبینہ فائرنگ، 2 افراد ہلاک

تربت (اے این این) تربت کی ڈاکٹر کالونی میں واقع ایک گھر کے اندر مبینہ فائرنگ کے نتیجے میں 2 افراد ہلاک ہوگئے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق ابتدائی اطلاعات میں واقعے کی وجہ مسلح افراد کے درمیان باہمی چپقلش بتائی جا رہی ہے تاہم واقعے کے محرکات سے متعلق مزید تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔ ہلاک ہونے والوں کی شناخت سرفراز ولد

(بقیہ 48 اندرونی صفحہ 3 پر)

ایون فیلڈ کے باہر نقاب پوش افراد نے نواز شریف کی گاڑی کے شیشے توڑ دیئے

اللہ کا شکر، میری طبیعت ٹھیک، پاکستان دہشت گردی کے مسئلے کو سمجھتا اور اس کا نوٹس بھی لے رہا ہے، سابق وزیراعظم

لندن (اے این این) لندن میں ایون فیلڈ کے باہر 2 نقاب پوش افراد نے مسلم لیگ ن کے قائد محمد نواز شریف کی گاڑی کے شیشے توڑ دیئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق واقعہ ایون فیلڈ اپارٹمنٹس کے باہر پیش آیا، جہاں 2 نقاب پوش افراد نے نواز شریف کی گاڑی کو نشانہ بنایا اور اس کے شیشے توڑ دیئے۔ پولیس نے واقعے کی سی سی ٹی وی ویڈیو تحویل میں لے لی ہے۔ نواز شریف کی گاڑیوں کے ساتھ یہ تیسرا واقعہ پیش آیا ہے۔ نواز شریف نے ایون فیلڈ آمد پر نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کا واقعہ افسوس ناک ہے۔ نجی اسکولوں کی حالت زار سے متعلق مریم نواز پہلے ہی کام کر رہی ہیں۔ نواز شریف کا کہنا تھا کہ پاکستان دہشت گردی

(بقیہ 46 اندرونی صفحہ 3 پر)

پشاور میں پولیس پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ پسپا، کانسٹیبل شہید

پولیس کی جوابی کارروائی میں متعدد دہشتگرد فرار، متعدد کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں، سی سی پی او پشاور

پشاور (اے این این) پشاور میں پولیس نے فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کی جانب سے حسن خیل کی پولیس پوسٹ پر حملہ پسپا کردیا جس میں ایک کانسٹیبل شہید ہوگیا۔ سی سی پی او پشاور میاں سعید کے مطابق گزشتہ رات حسن خیل کی پولیس پوسٹ سپین میلہ پر دہشتگردوں نے حملہ کیا، حملے میں پولیس کانسٹیبل شہید ہوگیا۔ میاں سعید نے بتایا کہ پولیس اہلکاروں کی جوابی فائرنگ پر حملہ آور فرار ہوگئے، جوابی کارروائی میں متعدد دہشتگردوں کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔ سی سی پی او پشاور کا کہنا ہے کہ فرار ہونے والے دہشتگردوں کی تلاش جاری

(بقیہ 47 اندرونی صفحہ 3 پر)

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی ریکارڈ

واشنگٹن (اے این این) تیل بردار جہازوں پر پابندیاں نرم کرنے کے ممکنہ امریکی اقدامات کے پیشِ نظر سرمایہ کاروں کی محتاط حکمت عملی کے باعث خام تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی ریکارڈ کی گئی۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق برینٹ خام تیل کے مستقبل کے سودوں کی قیمت 41 سینٹ، یعنی 0.39 فیصد کمی کے بعد 105.51 ڈالر فی بیرل ہوگئی۔ اسی طرح امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) خام تیل 54 سینٹ، یعنی 0.55 فیصد سستا ہوکر 97.43 ڈالر فی بیرل پر آ گیا۔ تیل کی قیمتوں میں یہ کمی ایسے وقت میں سامنے آئی ہے

GERMAN UNITY

اسلام آباد: سینیٹ کے چیئرمین سید یوسف رضا گیلانی دیگر شخصیات کے ہمراہ یوم جرمن اتحاد کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

کے پی کے میں تمام سرکاری سکولوں کی عمارتوں کا معائنہ کرنے کا فیصلہ، ڈیڈ لائن مقرر

محکمہ مواصلات و تعمیرات کو 26 اکتوبر تک جامع رپورٹس جمع کرانے کی ہدایت

پشاور (اے این این) خیبر پختونخوا حکومت نے سرکاری سکولوں کی عمارتوں کی ساختی حفاظت یقینی بنانے کیلئے صوبے کے تمام اضلاع میں تکنیکی ٹیموں کے ذریعے تفصیلی معائنے کا فیصلہ کیا ہے، محکمہ مواصلات و تعمیرات کو 26 اکتوبر 2026 کی دوپہر 12 بجے تک جامع رپورٹس جمع کرانے کی ہدایت کردی گئی۔ محکمہ ایلیمنٹری و ثانوی تعلیم خیبر پختونخوا نے محکمہ مواصلات و تعمیرات (سی اینڈ ڈبلیو) سے تمام اضلاع کے لئے اہل تکنیکی ٹیمیں نامزد کرنے کی درخواست کی ہے۔ مراسلے کے مطابق یہ فیصلہ پشاور کی دیر کالونی میں الخیر ایجوکیشن سسٹم کے کلاس روم کی چھت گرنے کے افسوسناک واقعے کے تناظر میں کیا گیا، جس میں قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع ہوا تھا جبکہ طلبہ اور اساتذہ بھی زخمی ہوئے تھے۔ مراسلے میں ہدایت کی گئی ہے کہ نامزد تکنیکی ٹیمیں متعلقہ ضلعی تعلیمی حکام کے تعاون سے سرکاری سکولوں کی عمارتوں کا تفصیلی معائنہ کریں۔ اس دوران چھتوں، دیواروں، شہتیروں، بنیادوں، سیڑھیوں اور عمارت کے دیگر تعمیراتی حصوں کی حالت کا جائزہ لینے کے ساتھ ممکنہ نقائص اور حفاظتی خطرات کی نشاندہی بھی کی جائے۔ حکام کے مطابق معائنے کے بعد سکولوں کی عمارتوں کو تین زمروں میں تقسیم کیا جائے گا تاکہ ان کی ساختی حالت اور حفاظتی ضروریات کا تعین کیا جاسکے۔ اگر کسی عمارت سے طلبہ، اساتذہ یا دیگر عملے کی جان کو فوری خطرہ لاحق ہو تو تکنیکی ٹیمیں سروے

(بقیہ 56 اندرونی صفحہ 3 پر)

غزہ میں اسرائیلی فوج کے حملے، مزید 6 فلسطینی شہید، 9 زخمی

غزہ (اے این این) غزہ پٹی میں اسرائیلی فورسز کی جانب سے جنگ بندی کی خلاف ورزیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق 24 گھنٹوں میں اسرائیلی فوج کے حملوں میں 4 فلسطینی شہید اور 9 زخمی ہوگئے۔ فلسطینی وزارتِ صحت کے مطابق خان یونس میں اسرائیلی حملے میں 2 افراد شہید ہوئے۔ فلسطینی وزارت صحت کا کہنا ہے کہ جنگ بندی کے بعد سے اسرائیلی حملوں میں 1 ہزار 505 فلسطینی شہید ہوچکے جبکہ 5 ہزار 332 فلسطینی زخمی ہوئے۔ وزارت صحت کے مطابق غزہ میں اسرائیلی فورسز کی وحشیانہ حملوں میں اب تک 74 ہزار 396 فلسطینی شہید ہوگئے۔ غزہ کے محکمہ صحت کا کہنا ہے کم 1,400 فلسطینی شہید ہوچکے ہیں۔

اخبار میں شائع ہونے والے مضامین کالم نگار کا اپنا نقطہ نظر ہوتا ہے ادارے کا اس سے متفق ہونا ضروری نہیں (ادارہ)